اللہ جل جلالہ

# سورۃ فاتحہ
# سورۃ اخلاص
# کے کرشمات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی ایچ ڈی (امریکہ)

www.freebooks4all.com

| نمبر شمار | فہرست مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | حال دل | 5 |
| 2 | عمل کی برکت سے غیبی رزق کی آمد | 6 |
| 3 | ملاقات کیلئے ٹوکنوں کی برسات | 6 |
| 4 | ضرورت کے وقت کمیٹی نکل آتی ہے | 7 |
| 5 | اسسٹنٹ کمشنر نے ٹرانسفر معطل کردیا | 7 |
| 6 | سورۃ فاتحہ اور اخلاص سے غیبی مدد | 7 |
| 7 | گاڑی کا شیشہ ٹھیک ہوگیا | 8 |
| 8 | موٹر سائیکل کا لاک کھل گیا | 8 |
| 9 | پون گھنٹے کے اندر گمشدہ موبائل مل گیا | 8 |
| 10 | بغیر دوائی کے اللہ پاک نے شفاء دے دی | 9 |
| 11 | 15 سالہ ناراضگی ختم ہوگئی | 10 |
| 12 | ٹرین بغیر سٹاپ اسٹیشن پر رک گئی | 10 |
| 13 | اللہ پاک نے فوراً شفاء دے دی | 10 |
| 14 | بغیر کسی تکلیف کے گردے سے پتھریاں نکل گئیں | 11 |
| 15 | ہر قسم کی بیماری پر سورۃ فاتحہ کا دم کرنے سے شفاء | 11 |
| 16 | میری ہر دعا پر اللہ تعالیٰ اپنا فضل کرتا ہے | 12 |
| 17 | Reject ہونے کے باوجود ڈرائیونگ لائسنس مل گیا | 12 |
| 18 | سورۃ فاتحہ سے درد کا علاج | 13 |
| 19 | الحمدللہ تلاوت کیلئے ٹائم پر پہنچ گیا | 13 |
| 20 | موسیقی سے مذہبی گفتگو کی طرف | 13 |
| 21 | شدید کھانسی سے فوراً شفاء ملی | 14 |
| 22 | سورۃ فاتحہ کے عمل سے جنات سے حفاظت | 14 |


www.freebooks4all.com

| | | |
|---|---|---|
| 23 | سامان واپس مل گیا | 15 |
| 24 | صبح اٹھتے ہی کمر درد غائب | 15 |
| 25 | عدم ادائیگی کے باوجود کنکشن لگ گیا | 16 |
| 26 | میوزک خود ہی بند ہو گیا | 16 |
| 27 | سورۃ فاتحہ کے مسنون عمل سے کام ہو گیا | 16 |
| 28 | سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص سے مشکل کا غیبی حل | 17 |
| 29 | مسنون عمل سے اولاد نرینہ ملی | 17 |
| 30 | جانور مرنا بند ہو گئے | 18 |
| 31 | امتحان میں سوالات مرضی کے مطابق آئے | 18 |
| 32 | شادی کی تقریب میں ساؤنڈ سسٹم کی بربادی | 18 |
| 33 | محکمہ کے افسروں کے رعب و دبدبہ سے نجات | 19 |
| 34 | سورۃ فاتحہ کے ذریعے نظر بحال ہو گئی | 20 |
| 35 | اللہ تعالیٰ نے گناہ سے بچا لیا | 20 |
| 36 | دل کی میڈیسن لینے سے نجات | 21 |
| 37 | تمام گھر والوں میں اتفاق و برکت | 21 |
| 38 | اعمال کے ہدیے سے مقصد میں کامیابی | 22 |
| 39 | ٹوٹا ہوا بازو تین دن میں ٹھیک ہو گیا | 23 |
| 40 | ماں اور بیٹی صحت یاب ہو گئیں | 23 |
| 41 | اب لیٹ ہونے پر باس کی ڈانٹ نہیں پڑتی | 24 |
| 42 | آمدنی میں اضافہ اور ملاقات میں آسانی | 25 |
| 43 | سورۃ فاتحہ کا ایک فیصلہ کن عمل | 25 |
| 44 | کمر درد پر دم کرنے سے فوری آرام | 26 |
| 45 | پیشاب کی نالی سے جان چھوٹ گئی | 26 |
| 46 | دائمی سر درد کا علاج | 27 |


www.freebooks4all.com

| | | |
|---|---|---|
| 47 | افسر نے ڈانٹنے کی بجائے تعریف کردی | 28 |
| 48 | دم اور صدقہ کرتے ہی بچہ نارمل ہوگیا | 28 |
| 49 | میری سب سے بڑی حاجت روائی | 29 |
| 50 | بینک میں خراب کمپیوٹر سسٹم فوراً درست ہوگیا | 29 |
| 51 | عامل نے ڈرایا...... پاگل ہوکر مروگے | 30 |
| 52 | تمام معاملات خوش اسلوبی سے حل | 30 |
| 53 | چور محلے میں سائیکل محفوظ رہی | 31 |
| 54 | شدید ایکسیڈنٹ میں خراش تک نہ آئی | 31 |
| 55 | ڈیڑھ سالہ بیمار بچی ٹھیک ہوگئی | 32 |
| 56 | منہ مانگی قیمت پر دکان فروخت کی | 32 |
| 57 | گھریلو لڑائی جھگڑے ختم | 33 |
| 58 | جو سوچتا ہوں وہ مقصد پورا ہو جاتا ہے | 33 |
| 59 | پریشانیاں اور بلائیں ٹل گئیں | 33 |
| 60 | ہر طرف وارے نیارے ہوگئے | 34 |
| 61 | بھاری قرض سے خلاصی | 35 |
| 62 | ٹریفک وارڈن کو اعمال کا ہدیہ | 35 |
| 63 | ہر کام جلدی اور آسانی سے ہو جاتا ہے | 36 |
| 64 | علاج کروائے بغیر ہی ٹھیک ہوگیا | 36 |
| 65 | اتنی برکت...... کہ بیان سے باہر | 37 |
| 66 | خارش کا نام ونشان تک نہ رہا | 37 |
| 67 | بغیر کسی مطالبے کے سفر کیلئے ٹکٹیں مل گئیں | 38 |
| 68 | جرمنی میں مقیم طلباء کی پریشانی کا حل | 38 |
| 69 | اب جو مرضی کھاؤں کوئی مسئلہ نہیں! | 40 |
| 70 | گمشدہ رکشے والا مال سمیت مل گیا | 40 |


www.freebooks4all.com

| | | |
|---|---|---|
| 71 | مسلسل روتا ہوا بچہ چپ ہوگیا | 40 |
| 72 | پریشانیوں میں مبتلاء شخص کی دعا میں کیفیت | 41 |
| 73 | خواب میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت | 42 |
| 74 | 3 سال مسلسل ناکامی کے بعد گریڈ 17 میں کامیابی | 43 |
| 75 | عمل چھوٹا فائدے بڑے | 44 |
| 76 | لڑائی جھگڑا ختم ہوگیا | 44 |
| 77 | جس سے کام لینا ہو وہ مدہوش ہو جاتا ہے | 45 |
| 78 | والد صاحب کو بقایاجات مل گئے | 45 |
| 79 | سورۃ فاتحہ کی برکت سے دانت کا درد ختم | 46 |
| 80 | عمل کی برکت سے 5 لاکھ لئے بغیر ہی مکان کی تعمیر مکمل | 47 |
| 81 | نارمل ڈلیوری اور بیٹے کی پیدائش | 47 |
| 82 | معالج کراچی اور مریض بچہ لاہور | 48 |
| 83 | مریضہ کو پاؤں کے کینسر سے نجات | 48 |
| 84 | 2 دنوں میں خاتون کا پیچیدہ مسئلہ حل | 49 |
| 85 | افسر سے نااتفاقی کے باوجود اس نے کچھ نہ کہا | 49 |
| 86 | 150 رشتے دیکھنے کے بعد ہمشیرہ کا رشتہ طے | 50 |
| 87 | اعمال سے خونی بلغم کا کامیاب علاج | 50 |
| 88 | چھ ماہ سے رکا اقاموں کا مسئلہ دو دنوں میں حل | 51 |
| 89 | فوت شدگان کا حق مانگنا | 51 |
| 90 | 10 سال بعد اللہ نے بیٹے سے نوازا | 52 |
| 91 | سورۃ فاتحہ کے عمل سے پانی کی قلت ختم | 52 |
| 92 | ہر قسم کے درد سے شفاء | 53 |


سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص کے عمل کی ترتیب صفحہ نمبر 54 پر دی گئی ہے

www.freebooks4all.com

# حال دل

مال سے نہیں اعمال سے دنیا اور آخرت بنتی ہے۔ بندہ کے پاس شب و روز مخلوق خدا مختلف مسائل کا شکار آتی ہے ان کو مسنون شرعی اعمال کی طرف متوجہ کرتا رہتا ہوں۔ قارئین! یہ عمل صرف امراض کے لیے ہی نہیں بلکہ کسی بھی قسم کے گھریلو مسائل، ناممکن الجھن کے لیے بندہ نے جسے بھی دیا، جس جس نے بھی سو فی صد توجہ کی اس کا مسئلہ حل ہوا ہے۔ وہ گھریلو ناچاقی ہو، روزگار کی مشکلات ہوں، رشتوں کی بندش ہو، کاروباری زوال ہو، حتیٰ کہ گھر سے باہر اور گھر کے اندر اولاد، بیوی میاں، بچے ماں باپ، بہن بھائی، داماد وغیرہ جہاں سے بھی پریشان ہو یہ عمل کرنے سے اللہ پاک نے ان پر کرم کی راہیں کھولی ہیں۔

جب سے میں نے لوگوں کو سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کا عمل عبقری میگزین اور درس کے ذریعے بتایا اس کے بعد لوگوں نے اپنے مشاہدات ڈھیروں خطوط، ٹیلی فون کالز اور انٹرنیٹ پر بتائے۔ جس میں ان اعمال کے فوائد درج تھے۔ اعمال کے ایسے ایسے فوائد لوگوں نے بتائے کہ میری عقل دنگ رہ گئی۔

بندہ نے ان تمام اعمال کو ایک گلدستہ کی شکل میں کتاب میں درج کر دیا ہے تاکہ ہر شخص کو اعمال سے بننے، اعمال سے بچنے اور اعمال سے پلنے کا یقین ہو جائے۔ ہاں! عمل کوئی بھی ہو یقین شرط ہے، بھکاری اور سائل بن کر کرنے سے مکمل نفع ہوتا ہے، بس مستقل مزاجی سے کریں جلدی نہ کریں۔

**خواستگار اخلاص و عمل**

**حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ**

www.freebooks4all.com

## عمل کی برکت سے غیبی رزق کی آمد

حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک عمل کی ترغیب دی تھی کہ جمعرات کی رات کو 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر بیٹھ کر پڑھیں اور اگلے دن 60 دن مرتبہ، اسی طرح 10,10 کی تعداد کم کرتے کرتے بدھ والے دن تک 10 مرتبہ سورۃ فاتحہ پر پہنچ جائیں گے اور جمعرات کو پھر 70 بار سے شروع کر دیں۔ اس طرح پر عمل 21 دن یا 41 دن کرنا ہے۔

میں مالی مشکلات میں گھرا ہوا تھا سر پر بھاری قرض تھا اور کوئی راستہ نظر نہیں آتا تھا یہ عمل شروع کیا تو اللہ پاک نے غیب سے رزق کا دروازہ کھول دیا۔ ہوا یوں کہ مجھے ''عمان'' سے فون آیا اور ایسے کام کی پیشکش ہوئی جو میں نے آج تک نہیں کیا تھا جبکہ میرے پاس ٹکٹ کے پیسے بھی نہیں تھے انہوں نے کہا کہ آپ فوراً ہمارے پاس آجائیں آپ کی ٹکٹ کا ذمہ ہمارے اوپر ہے۔ میں وہاں چلا گیا وہاں ان سے جو معاملات طے ہوئے اس کے ایڈوانس 4 لاکھ روپے بھی میرے پاس نہیں تھے۔ میرے ساتھ جو بندہ گیا تھا اللہ پاک نے اس کے ذریعے ایڈوانس کا بھی انتظام فرما دیا۔ تو یہ سورۃ فاتحہ کے عمل سے اللہ پاک نے تمام راستے کھول دیے۔

(محمد انیس خان صاحب)

## ملاقات کیلئے ٹوکنوں کی برسات

السلام علیکم!

میرا نام شیخ محمد رمضان ہے اور میں کاموںکی سے تعلق رکھتا ہوں حضرت صاحب جب پچھلے جون میں آپ سے ملاقات کیلئے ٹوکن کھلے تو میں نے سبحان اللہ خان والا عمل کیا اور اس عمل کی برکت سے جب بھی میں نے فون ملایا مجھے ہر بار ٹوکن ملا اور میں نے کم از کم پچیس ٹوکن حاصل کیے اور اس کے بعد اب جب پچھلی بار ٹوکن کھلے تو اس وقت میں انتہائی مجبوری کی حالت میں تھا پھر بھی میں نے 5 ٹوکن لئے تھے۔

www.freebooks4all.com

## ضرورت کے وقت کمیٹی نکل آتی ہے

میں نے الحمد شریف والا عمل اول آخر 3 بار درود ابراہیمی ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص اس کی ایک ترکیب میں نے کمیٹی کے سلسلے میں آزمائی کہ جو کمیٹی ڈالتا ہوں وہ کمیٹی جلدی نکل آئے۔ میں اپنے نام کی پرچی کی نیت کر کے اس کو ایک دفعہ پڑھتا ہوں ساتھ کچھ حسب استطاعت صدقہ کی نیت کرتا ہوں۔ اللہ پاک کے فضل سے جس دن کمیٹی نکلنی ہوتی ہے میری کمیٹی نکل آتی ہے۔

(شیخ محمد رمضان۔۔۔کاموکی)

## اسسٹنٹ کمشنر نے ٹرانسفر معطل کردیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرا نام محمد قیصر شفیق ہے میں نائب قاصد ہوں۔ ایک بار اے سی صاحب نے میرا ٹرانسفر کردیا جس کو روکنے کیلئے میں نے الحمد اللہ والا عمل اول آخر 3 بار درود شریف 1 مرتبہ الحمد اللہ اور 3 مرتبہ قل ھو اللہ پڑھ کر اے سی صاحب کو پھونک ماری تو انہوں نے فوراً میرے تبادلے کے آرڈر معطل کردیئے۔ حالانکہ اے سی صاحب کسی کی بات جلدی نہیں مانتے یہ سب اس عمل کی برکت سے ہوا ہے۔ میں نے اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا ہے کہ اگر اپنے سے بڑے افسر سے کوئی بھی بات منوانی ہو تو یہ عمل کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل میرا کام بنادیتا ہے۔

(محمد قیصر شفیق صاحب۔۔۔۔)

## سورۃ فاتحہ اور اخلاص سے غیبی مدد

حضرت جی دامت برکاتہم نے اپنے سابقہ درس میں ایک بہت مقبول عمل ارشاد فرمایا تھا ''اول و آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص'' پچھلے چند دنوں میں میرے ساتھ کچھ عجیب وغریب قسم کے معاملات پیش آئے اور ان کے حل کیلئے میں نے یہ سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل حیرت انگیز طور پر مجرب پایا۔

www.freebooks4all.com

## گاڑی کا شیشہ ٹھیک ہو گیا

ایک رات جب میں اپنے گھر واپس پہنچا تو بہت زیادہ تھکا ہوا تھا میں نے گاڑی لاک کرنے کیلئے جب اس کا شیشہ اوپر کیا تو شیشہ اپنے فریم سے اتر گیا۔ میں نے بار بار کوشش کی کہ کسی طریقے یہ چڑھ جائے لیکن بے سود رہا۔ ایک دم خیال آیا کہ اعمال کروں لہٰذا میں نے یہ سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل ایک مرتبہ پڑھ کر جب شیشہ اوپر کیا تو شیشہ سیدھا اوپر چڑھ گیا جیسے کبھی یہ اترا ہی نہ تھا۔

## موٹر سائیکل کا لاک کھل گیا

ایک صاحب عبقری دفتر کے باہر بہت پریشان کھڑے تھے۔ پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ کچھ دیر پہلے موٹر سائیکل کو لاک لگایا تھا لیکن اب وہ لاک کھل نہیں رہا۔ میں نے بھی کوشش کی اور کچھ دوسرے ساتھی حضرات بھی کھڑے تھے سب نے کھولنے کی کوشش کی مگر لاک تو کھلنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ آخر میں نے سب سے گزارش کی کہ سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل کرتے ہیں ان شاء اللہ یہ لاک کھل جائے گا۔ سب نے پڑھنا شروع کر دیا۔ میں اس دوران یہاں تسبیح خانے میں آ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد جب واپس گیا تو پتہ چلا کہ وہ لاک کھل گیا تھا اور وہ صاحب خیریت سے چلے گئے ہیں۔

(خرم شمسی صاحب۔۔۔لاہور)

## پونے گھنٹے کے اندر گمشدہ موبائل مل گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرا نام محمد معراج دین ہے۔ میں منگل والے دن صبح گھر سے تسبیح خانے آنے کیلئے نکلا (ویسے مجھے اپنے دفتر جانا تھا) میں چوبرجی آ کر آٹو رکشے میں بیٹھا اور مزنگ چوک میں اتر گیا اور عبقری کے دفتر آ گیا اور یہاں سے روحانی عطر لیا۔ جب میں واپس گیا تو دیکھا میرا موبائل نہیں تھا میرا موبائل گم ہو گیا تھا۔ لیکن میں نے گھر سے نکلتے ہوئے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ 11 مرتبہ اور بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ

www.freebooks4all.com

وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ بھی پڑھی تھی اور پھر میں اسی کشمکش میں دفتر بھی نہیں گیا اور واپس پیدل چوبرجی کی طرف موبائل ڈھونڈنے کیلئے چل پڑا اور چلتے ہوئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّالِلّٰهِ وَاِنَّآاِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ بھی کثرت سے پڑھا اور اللہ رب العزت سے دل ہی دل میں باتیں بھی کیں اور کہا یا اللہ! آپ میری مدد فرمائیں۔ وہ رکشے والا مجھے مل گیا میں نے اسے کہا کہ بھائی میرا موبائل آپ کے رکشے میں تو نہیں گر گیا؟ اس نے کہا وہ آپ کا موبائل تھا؟ میں نے کہا جی۔ اس نے کہا وہ پولیس والے لے گئے ہیں آپ ادھر ہی ٹھہرو میں ان کو بلاتا ہوں وہ آپ کو دے دیں گے۔ اللہ کی مدد سے میں نے اول و آخر تین مرتبہ درود پاک ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر پولیس والوں کی روح کو ہدیہ کیا اور کہا یا اللہ! آپ میری مدد فرمائیں۔ اس طرح اللہ پاک نے میرا کھویا ہوا موبائل پون گھنٹے کے اندر اندر واپس دلوادیا حالانکہ کھوئی ہوئی چیز واپس کم ہی ملتی ہے۔ میرا ایمان ہے کہ یہ اعمال کی برکت سے ہوا ہے۔

(محمد معراج دین۔۔۔لاہور)

## بغیر دوائی کے اللہ پاک نے شفاء دے دی

السلام علیکم!

میرا نام توقیر حیدر ہے۔ میرے چھوٹے بیٹے کا نام محمد وردان ہے اس کی عمر ڈیڑھ سال ہے جس کا پیٹ اچانک ایک طرف سے بڑھنا شروع ہوگیا۔ جب اس کی رپورٹیں کروائیں تو ڈاکٹروں نے بتایا کہ اس کا جگر اور تلی بڑھ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ مسلسل کمزور ہورہا تھا اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بنتا جارہا تھا۔ اس کیلئے ہم نے سورۃ فاتحہ کا عمل شروع کیا۔ فجر کی سنتوں کے بعد 41 مرتبہ اور فرض کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھتے تھے اور اول آخر درود شریف 7 مرتبہ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ''م'' کے ساتھ سورۃ فاتحہ کی الحمدللہ ملا کر پڑھنی ہے اور ہر عشاء کی نماز کے بعد 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنی ہے۔ یہ عمل 41 دن تک کرتے رہے تو اللہ پاک نے اسے

www.freebooks4all.com

بغیر کسی دوائی کے شفاء دے دی۔ جبکہ اس سے پہلے ہزاروں روپے کے ٹیسٹ کروائے اور بہت سے ڈاکٹروں سے علاج کروایا لیکن اسے افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔

(توقیر حیدر ایڈووکیٹ صاحب۔ لاہور)

## 15 سالہ ناراضگی ختم ہوگئی

میری بہن کی اپنی جیٹھانی کے ساتھ تقریباً 15 سال سے ناراضگی چل رہی تھی۔ ایک دن میرے ہمشیرہ مجھے فون کر کے کہنے لگی کہ کیا کروں سب کچھ کر چکی ہوں ہر حربہ آزما چکی ہوں خود جا کر ان سے معافی بھی مانگ چکی ہوں لیکن وہ مجھے معاف ہی نہیں کر رہی۔ میں نے اسے کہا کہ آپ 2 رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھیں اور پھر سورۃ فاتحہ اخلاص والا عمل پڑھ کر اسے ہدیہ کریں۔ کوئی 15 دن کے بعد پھر فون آیا اور میری بہن بتانے لگی کہ انہوں نے خود آ کر مجھ سے معافی مانگ لی ہے۔

(ش، ب۔۔۔۔۔۔۔)

## ٹرین بغیر سٹاپ اسٹیشن پر رک گئی

میں سرگودھا سے بہاولپور لگاتار ایک سال سے سپر ''ٹرین'' پر جا رہا ہوں۔ سپر ٹرین لودھراں میں نہیں رکتی تھی جبکہ میرا کچھ کام لودھراں میں تھا۔ اس بار جب میں لودھراں گیا تو ہم منزل سے کچھ پیچھے ہی تھے کہ میں نے ''عبقری'' میں چھپا وظیفہ اول وآخر 3 بار درود شریف 1 بار سورۃ فاتحہ 3 بار سورۃ اخلاص پڑھنا شروع کر دیا۔ جب تھوڑا سا فاصلہ رہ گیا تو میں نے دعا مانگی اور بغیر کسی وجہ کے ٹرین میرے من چاہی جگہ پر بغیر اسٹیشن کے رکی اور میں اتر گیا پھر ٹرین آگے چل پڑی۔

(محمد الیاس صاحب۔ سرگودھا)

## اللہ پاک نے فوراً شفاء دے دی

ایک صاحب بہت زیادہ کراہ رہے تھے اور شدت تکلیف سے انہوں نے بہت شور مچایا ہوا تھا انہیں شاید گردے کا درد تھا۔ درس میں دعا کے دوران بھی وہ بہت چیخ و

www.freebooks4all.com

پکار کر رہے تھے۔ جب درس کے بعد مجالس مجذوبی ہوئی تو وہ صاحب بھی آ کر پیچھے لیٹ گئے۔ میں نے اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف 1 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر انہیں دم کیا تو وہ فوراً کھڑے ہو گئے۔ میں نے اپنے ساتھی کو بتایا کہ میں نے اسے دم کیا ہے۔ تو وہ کہنے لگے ہاں اب یہ بالکل ٹھیک ہو گیا ہے۔ اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے انہیں فوراً شفاء دے دی۔

(نعیم جاوید معرفتی صاحب)

## بغیر کسی تکلیف کے گردے سے پتھریاں نکل گئیں

میرے گردے میں بہت تکلیف ہوتی تھی جس کا ٹیسٹ کروایا تو پتہ چلا کہ اس میں پتھریاں ہیں۔ میں نے اس مرض سے نجات کیلئے بہت سی ادویات سمیت ہربل میڈیسن بھی استعمال کی لیکن کوئی افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ پھر میں نے اول آخر 3 مرتبہ درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنا شروع کر دیا۔ میں نے سنا ہوا تھا کہ پیشاب کے ذریعے جب پتھریاں نکلتی ہیں تو کافی جلن اور تکلیف محسوس ہوتی ہے لیکن اس عمل کی برکت سے مجھے پتہ ہی نہ چلا کہ کب پتھریاں نکل گئیں اور میں بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں۔

(ع، ا، ـــــــــــــــ)

## ہر قسم کی بیماری پر سورۃ فاتحہ کا دم کرنے سے شفاء

حضرت صاحب دامت برکاتہم کی ایک کتاب میں سورۃ فاتحہ کا عمل لکھا تھا کہ 24 گھنٹوں میں کسی بھی وقت 21 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ لینی چاہیے۔ تو یہ میرا معمول بن گیا کہ میں روزانہ 21 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ لیتا ہوں اور اس کے بعد سات مرتبہ پڑھ کے جس بیماری کیلئے بھی دم کرتا ہوں اللہ پاک کے فضل سے فوراً فائدہ ہوتا ہے اور ابھی تک آزما رہا ہوں جس کے 100 فیصد نتائج سامنے آتے ہیں۔ چاہے صبح کے وقت 21 مرتبہ پڑھ لیں یا شام کے وقت اس کا فائدہ ہی فائدہ ملتا ہے۔

(سبحان اللہ خان صاحب)

www.freebooks4all.com

## میری ہر دعا پر اللہ تعالیٰ اپنا فضل کرتا ہے

میں نے ایک دفعہ گوگل (Google) انٹرنیٹ پر ایک لفظ روحانی لکھا تو سب سے اوپر ایک ویب سائٹ کھلی مری ڈاٹ کام اس میں 24 گھنٹے مکہ مکرمہ سے Live نشریات دکھاتے ہیں۔ اسی ویب سائٹ میں ایک سائیڈ پر عبقری ویب سائٹ کا لنک دیا ہوا تھا۔ میں نے اس پر کلک کیا تو سامنے عبقری کی پوری ویب سائٹ کھل گئی۔ میں نے اس میں ماہنامہ ''عبقری'' کے سابقہ شمارے پڑھے۔ پھر جب ''درس'' پر کلک کیا تو میں نے کہا یہ تو کمال ہو گیا اور بہت سے بیانات سنے۔ میں آپ دامت برکاتہم کو 6 مہینے سے سن رہا ہوں اور الحمد للہ! دو تینچیزوں پر عمل کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس میں سے ایک عمل اول و آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر جو بھی دعا کرتا ہوں اللہ پاک کا فضل ہو جاتا ہے۔ اب بھی میں اپنا سٹور ایک غیر مسلم ملازم کے سپرد کر کے آیا ہوں جبکہ اپنا بزنس کسی کے سپرد کرنا بہت مشکل کام ہے۔ لیکن مجھے اللہ پاک پر کامل یقین ہے کہ میرا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

(ح،ف۔۔۔۔۔۔۔۔)

## Reject ہونے کے باوجود ڈرائیونگ لائسنس مل گیا

السلام علیکم!

پچھلے سال فروری میں میں نے ڈرائیونگ لائسنس کیلئے اپلائی کیا تھا اس کے 2 ماہ بعد میں نے ٹرائی دی تو انہوں نے مجھے Reject کر دیا حالانکہ میں کافی لمبی ڈرائیو کر کے گیا تھا لیکن انہوں نے مجھے Reject کر دیا۔ دو ماہ بعد پھر ٹرائی دی انہوں نے پھر Reject کر دیا۔ دل ہار بیٹھا تھا پھر اسی سوموار کو میں نے پھر جا کر ٹرائی دی اس کے ساتھ میں نے سورۃ اخلاص اور سورۃ فاتحہ والا عمل 41 مرتبہ اول آخر 3 مرتبہ درود شریف کے ساتھ کیا اور بعد میں آخری 6 سورتیں دو رکعت نوافل مین ادا

www.freebooks4all.com

کیں۔ التحیات میں بھی 6 سورتیں پڑھیں تو انہوں نے فوری طور پر مجھے کہہ دیا کہ آپ کا لائسنس بن گیا ہے۔ الحمدللہ!

(ا،ر۔۔۔۔۔۔۔۔)

## سورۃ فاتحہ سے درد کا علاج

السلام علیکم!

پانچ چھ دن پہلے کی بات ہے کہ رات کے وقت میرے پیٹ میں شدید درد شروع ہو گیا جو اتنا شدید تھا کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ میں نے کہا آج ہسپتال ایمرجنسی میں جانا ہی پڑے گا۔ پھر اچانک یاد آیا کہ سورۃ فاتحہ میں موت کے علاوہ ہر بیماری کا علاج ہے۔ میں نے انگلیوں پر گنتے ہوئے سورۃ فاتحہ پڑھنی شروع کر دی اور 41 دفعہ پڑھنے کی نیت کی ابھی 18 یا 20 مرتبہ ہی پڑھی تھی کہ مجھے درد سے شفاء مل گئی۔ حالانکہ رات کا وقت تھا مجھے نیند بھی بہت سکون کی آئی۔

(ع،ب۔۔۔۔۔۔۔)

## الحمدللہ تلاوت کیلئے ٹائم پر پہنچ گیا

السلام علیکم!

میرا نام عبدالرحیم ہے۔ ایک بار میں نے سکول میں تلاوت کرنی تھی جس کیلئے سکول سے لیٹ ہو رہا تھا۔ میں نے اول آخر 3 مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھی جس کی برکت سے میں وقت پر پہنچ گیا اور الحمدللہ مجھے تلاوت کی سعادت مل گئی۔

(عبدالرحیم صاحب۔۔۔)

## موسیقی سے مذہبی گفتگو کی طرف

السلام علیکم!

پچھلے درس میں شرکت کے بعد میں واپس فیصل آباد جا رہا تھا۔ جس گاڑی میں مَیں

www.freebooks4all.com

بیٹھا ہوا تھا اس کے ساتھ والی سیٹ پر ایک صاحب نے موبائل پر موسیقی لگا لی۔ میں نے اول و آخر 3 بار درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کی روح کو ہدیہ کیا تو اس نے فوراً موسیقی بند کر کے میرے ساتھ مذہبی گفتگو اور اعمال کے تذکرے شروع کر دیے۔ پھر تمام راستے اس نے دوبارہ موسیقی نہیں لگائی۔

(ی۔س۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

## شدید کھانسی سے فوراً شفاء ملی

السلام علیکم!

یہ کل کی بات ہے کہ مجھے بہت زیادہ کھانسی آ رہی تھی جس کیلئے میں نے اول و آخر 3 بار درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھی جس کی برکت سے اللہ نے کھانسی سے شفاء دے دی اور بہت سکون کی نیند بھی آ گئی۔

(ف،ن۔۔۔۔کراچی)

## سورۃ فاتحہ کے عمل سے جنات سے حفاظت

السلام علیکم!

میرا نام اقبال ہے اور میں شیخوپورہ کا رہنے والا ہوں۔ پچھلی جمعرات کو ہمارے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا کہ ہمارے گھر ایک کالی بلی آئی اس کی آنکھیں اتنی خوفناک تھیں اور یہ اتنی بڑی تھی کہ جیسے کوئی کتا ہوتا ہے۔ حضرت صاحب نے ہمیں سورۃ فاتحہ والا وظیفہ بتایا تھا کہ اول آخر درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ معہ تسمیہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص معہ تسمیہ جو ہم سب گھر والے پڑھتے رہتے ہیں۔ پڑھنے کے دوران یہ خوفناک بلی ہمارے سامنے آ کر بیٹھ گئی جسے دیکھ کر سب گھر والے سہم کر چارپائیوں پر بیٹھ گئے۔ میرے بیوی بچے اونچی آواز میں وظیفہ پڑھتے رہے اور ساتھ حضرت صاحب کا درس بھی لگا دیا جسے بلی بھی چپ کر کے کان لگا کر سنتی رہی۔ اس دوران وہ بلی کبھی چھوٹی اور کبھی بڑی ہو جاتی تھی۔ تقریباً اڑھائی گھنٹے وہ بیٹھی رہی اور میری بیوی مسلسل وظیفہ

www.freebooks4all.com

پڑھتی اور دم کرتی رہی جس کی برکت سے وہ بلی بھاگ گئی۔ یہ سب حضرت جی کے بتائے ہوئے وظیفے کی برکت ہے۔اس دوران میں تسبیح خانے درس میں شریک تھا جب میں درس سے فارغ ہو کر گھر پہنچا تو معاملہ ٹھیک ہو چکا تھا۔

(محمد اقبال صاحب۔لاہور)

## سامان واپس مل گیا

میرا نام خرم شمسی ہے۔کل پرسوں کی بات ہے کہ ہماری دکان سے چودہ پندرہ ہزار روپے کا سامان گاہک کوزیادہ چلا گیا۔جس کیلئے میں نے ''انا اللہ وانا علیہ راجعون'' اور سورۃ فاتحہ والا عمل اول آخر تین مرتبہ درود شریف 1 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس گاہک کا تصور کر کے اس کو ہدیہ کیا۔آج دکان بند کرنے سے پہلے وہ گاہک ہمارے پاس موجود تھا۔ یہ سب اعمال کی برکت ہے حالانکہ وہ پندرہ بیس روز کے بعد آتا تھا۔اگر پندرہ بیس روز بعد آتا تو سامان یا اس کے پیسے واپس ملنے کی امید نہ تھی۔

(خرم شمسی صاحب۔لاہور)

## صبح اٹھتے ہی کمر درد غائب

میں تیسری بار درس میں آیا ہوں۔ ایک بار مجھے یہاں سے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل ملا تھا۔میں ہیئر ڈریسر ہوں ایک بار دکان کا شٹر اٹھاتے ہوئے میری کمر میں شدید درد نکل آیا اس تکلیف کے باعث میں گھر جا کر رضائی میں لیٹ گیا۔ میں نے اول آخر تین مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اللہ پاک سے دعا مانگی کہ یا اللہ! اگر تیری یہ بھیجی ہوئی درد میرے لئے نعمت ہے تو پھر رہنے دے اگر شفاء میرے لئے بہتر ہے تو مجھے شفاء دے دے اور رو رو کر سو گیا۔ صبح جب اٹھا تو میرا درد ٹھیک ہو چکا تھا۔

(ج،ب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

www.freebooks4all.com

## عدم ادائیگی کے باوجود کنکشن لگ گیا

میرا PTCL کا فون عدم ادائیگی کی وجہ سے بند ہو گیا تھا۔ 3 ماہ کے بعد محکمہ والوں نے وہ نمبر کسی اور کو الاٹ کر دیا۔ میں چاہتا تھا کہ میں دوبارہ یہی نمبر ہی لوں۔ جب میں نے کمپنی والوں سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا وہ نمبر آپ کو نہیں مل سکتا۔ میں ایس ڈی او صاحب کے پاس چلا گیا انہوں نے کہا کہ یہ نمبر آپ کو نہیں ملے گا۔ میں نے سورۃ فاتحہ والا عمل اول آخر 3 مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر ایس ڈی او کی روح کو ہدیہ کیا اور اس کے منہ پر کہا کہ میں نے یہی نمبر لینا ہے اور آپ کہتے ہیں پالیسی نہیں ہے پالیسی ہو یا نہ ہو آپ یہ نمبر مجھے دو گے اور آج ہی دو گے۔ وہ باتیں کرتا رہا میں پڑھ کر اس کو ہدیہ کرتا رہا۔ تھوڑی ہی دیر بعد ایک لائن مین آیا جس نے کہا آپ کا نمبر جس بندے کو الاٹ ہوا ہے وہ میرا دوست ہے اگر آپ کہیں تو میں نمبر ٹرانسفر کرنے کا خرچہ 500 روپے لوں گا اور یہی نمبر آپ کو ٹرانسفر کر دوں گا۔ ایس ڈی او صاحب نے مجھے کہا آپ 500 روپے انہیں دے دیں یہ نمبر دوبارہ آپ کو الاٹ ہو جائے گا۔ میں 500 روپے دے کر واپس آ گیا اور دس پندرہ دن بعد یہی نمبر مجھے الاٹ ہو گیا۔

(و۔ص۔۔۔۔۔۔۔)

## میوزک خود ہی بند ہو گیا

ایک بار میں گاڑی میں سفر کرتے ہوئے ذکر کر رہا تھا۔ گاڑی کے ڈرائیور نے میوزک لگایا ہوا تھا۔ میں نے میوزک بند کروانے کیلئے اول و آخر 3 مرتبہ دورد شریف 1 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص 17 مرتبہ پڑھی تو گانے خود ہی بند ہو گئے۔

(م،ع۔۔۔۔۔۔۔)

## سورۃ فاتحہ کے مسنون عمل سے کام ہو گیا

میری ایک آفس میں فائل اٹکی ہوئی تھی جب میں فائل لینے کیلئے گیا تو آفس

www.freebooks4all.com

والوں نے اشاروں میں پیسے (رشوت) دینے کا تقاضا کیا۔ ایک آدمی نے کہا کہ باہر چلے جائیں اور دو تین گھنٹے بعد گھوم پھر کر آجائیں۔ مقصد تھا کہ بعد میں جا کر ان کو پیسے وغیرہ دے دیں۔ میں نے آفس کے دروازے پر کھڑے ہو کر اول آخر تین مرتبہ درود شریف بسم اللہ کیساتھ 1 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس افسر کی روح کو ہدیہ کر دیا اور اندر جا کر ان سے کہا کہ آپ میری فائل پر دستخط کر دیں۔ انہوں نے کہا بتاؤ کہاں دستخط کرنے ہیں؟ میں دستخط کروا کر اپنی فائل لے کر واپس آگیا۔ اس طرح اللہ پاک نے بغیر رشوت کے اعمال کی برکت سے میرا کام بنا دیا۔

(ا،ح۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

## سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص سے مشکل کا غیبی حل

میں آج صبح میلسی سے جب لاہور پہنچا تو بہت دھند تھی میں نے ایک رکشے والے سے بات کی تو وہ کہنے لگا کہ 200 روپے لوں گا حالانکہ پہلے میں 120,130 روپے دے کر پہنچ جاتا تھا۔ میں نے سوچا کہ چلو کوئی اگر 150 روپے میں بھی لے جائے گا تو خیر ہے لیکن جس رکشے والے سے بھی پوچھتا وہ کہتا کہ دوسو روپے سے کم نہیں لوں گا۔ میں نے سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل پڑھنا شروع کر دیا اتنے میں ایک رکشے والا آکر خود ہی پوچھنے لگا جوہر ٹاؤن جانا ہے؟ میں نے کہا ہاں جی! وہ کہنے لگا بیٹھ جاؤ میں پیسوں کی بات کیے بغیر رکشہ کا دروازہ کھول کر بیٹھ گیا وہ خود ہی کہنے لگا کہ 150 روپے دے دینا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ جس نے مجھے اعمال کا نفع فوری عطا فرما دیا۔

(محمد کلیم اللہ صاحب۔ میلسی)

## مسنون عمل سے اولاد نرینہ ملی

السلام علیکم!

میرا نام فیصل سعید ہے۔ حضرت جی دامت برکاتہم کے پاس ایک مرتبہ میں بیٹے کیلئے دعا کروانے آیا تھا۔ حضرت جی نے مجھے اول آخر 3 مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ

www.freebooks4all.com

سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص والا عمل روزانہ 41 مرتبہ پڑھنے کیلئے دیا۔ اب الحمدللہ اس عمل کی برکت سے اللہ نے مجھے بیٹا دیا جو آج دو ماہ کا ہو گیا ہے۔ حضرت جی آپ میرے لئے اور میرے بیٹے کیلئے دعا فرمادیں۔

(فیصل سعید صاحب۔۔)

## جانور مرنا بند ہو گئے

السلام علیکم!

میرا نام محمد ریاض ہے۔ ہمارے ہمسائیوں کے گھر جو بھی جانور آتا تھا وہ تھوڑے ہی دن بعد مر جاتا تھا۔ میں نے انہیں اول آخر تین مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص والا عمل بتایا۔ یہ عمل کرتے ہی ان کا بیمار گھوڑا ٹھیک ہو گیا۔ وہ یہ عمل اب مسلسل کرتے رہتے ہیں جس کی برکت سے الحمدللہ! اب ان کے جانور نہیں مرتے۔

(محمد ریاض صاحب۔۔)

## امتحان میں سوالات مرضی کے مطابق آئے

میں نے عبقری میں ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص اول آخر 3 بار درود شریف والا عمل پڑھا تھا کہ اگر یہ عمل پڑھ لیا جائے تو پیپر میں وہی سوالات آئیں گے جو آپ نے یاد کئے ہوں گے۔ میں نے یہ عمل کیا تو پچھلے سمسٹر میں پیپر میں وہی سوال آئے جن کی میں نے تیاری کی ہوئی تھی اور الحمدللہ میرے نمبر بھی بہت اچھے آ گئے۔

(محمد عمر صاحب۔۔۔)

## شادی کی تقریب میں ساؤنڈ سسٹم کی بربادی

حضرت صاحب دامت برکاتہم نے سورۃ فاتحہ والا ایک عمل بتایا تھا۔ میں اس عمل کے پہلے بھی کئی مشاہدات بتا چکا ہوں۔ اس کا ایک مشاہدہ کل ہوا کہ میری دو بیٹیاں کسی کی شادی میں گئی ہوئی تھیں وہاں بہت اونچی آواز میں گانے لگے ہوئے

www.freebooks4all.com

تھے آواز اتنی اونچی تھی کہ بات بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ میری بچیوں نے اپنی روٹین کی تسبیح وغیرہ پڑھنی تھی لیکن اس ماحول میں بہت مشکل کام تھا۔ انہوں تنگ آکر سورۃ فاتحہ والا عمل اول آخر 3 بار درود شریف ایک دفعہ سورۃ فاتحہ اور 3 دفعہ سورۃ اخلاص پڑھی ہی تھی کہ شادی والوں کا تمام ساؤنڈ سسٹم تباہ ہو گیا اور سارے سپیکر خراب ہو کر دوبارہ نہیں چلے اور رات ایک بجے تک بالکل سکون رہا۔

اسی عمل کا دوسرا مشاہدہ آج ایسے ہوا کہ میری بیگم کی کمر میں دوپہر تقریباً 2 بجے بہت شدید درد شروع ہو گیا اور اس کی کمر بھی نہیں ہل رہی تھی۔ شام کو میں گھر آیا تو مجھے پتہ چلا جس پر میں نے کہا کہ تم سورۃ فاتحہ والا عمل کیوں نہیں کر رہی۔ سب گھر والوں نے یہ عمل کر کے دم کیا تو شام 6 بجے کے قریب اس کا درد ختم ہو گیا۔

(اعجاز احمد صاحب۔۔۔)

## محکمہ کے افسروں کے رعب و دبدبہ سے نجات

بہت عرصہ پہلے میں حضرت جی دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ میں ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ میں کام کرتا ہوں۔ اس وقت ہمارے محکمے میں VSS چل رہا تھا کہ پیسے لے لو اور محکمہ چھوڑ دو۔ میں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے اس بارے میں پوچھا جس پر انہوں نے فرمایا تم پیسے مت لینا۔ اسی طرح ٹائم گزرتا رہا لیکن پھر اچانک آفیسرز نے مجھ پر دباؤ ڈالنا شروع کر دیا۔ میں تسبیح خانے میں حاضر ہوا۔ حضرت جی دامت برکاتہم تو کہیں سفر پر تھے انصاری صاحب سے میں نے اپنا مسئلہ بیان کیا۔ جس پر انہوں نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل پڑھ کر تمام افسران کی روح کو ہدیہ کرتے رہو۔ میں فرداً فرداً اپنے افسروں کو اس عمل کا ہدیہ کرتا رہا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعد میں کسی افسر نے مجھے نہیں کہا کہ تم یہ محکمہ چھوڑ دو اور آج الحمدللہ میں اسی محکمہ میں کام کر رہا ہوں۔

(شہباز صاحب۔ لاہور)

www.freebooks4all.com

## سورۃ فاتحہ کے ذریعے نظر بحال ہوگئی

ہمارے گھر کے قریب ہی ایک حافظ صاحب رہتے ہیں ان کی نظر بالکل ختم ہوگئی تھی ڈاکٹروں نے بھی اسے لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ وہ رات کو تہجد کے وقت اٹھتے تو ان کی اہلیہ انہیں جوتا پہناتی اور وضو کراتی کیونکہ انہیں نظر ہی نہیں آتا تھا۔ میں نے ان حافظ صاحب کو روزانہ 70 بار سورۃ فاتحہ پڑھنے کا بتایا۔ اس کے بعد میں تبلیغی جماعت کے ساتھ روانہ ہوگیا۔ ابھی راستے میں ہی تھا کہ ان کا فون آیا وہ خوشی سے بتا رہے تھے کہ اللہ پاک نے ایک ہی دن کے وظیفے سے ان کی نظر بحال کردی۔ میں نے بھی حیرانی سے پوچھا وہ کیسے؟ بتانے لگے کہ میں سورۃ فاتحہ 70 بار پڑھ کر اللہ پاک سے دعا مانگتے ہوئے سویا تھا جب تہجد کے وقت اٹھا تو مجھے اپنی اہلیہ کی مدد کی ضرورت نہیں پڑی۔ میری آنکھیں بالکل واضح دیکھ رہی تھیں کہ یہ سامنے جوتا پڑا ہے، یہ سامنے باتھ روم کا دروازہ ہے۔ میں نے آسانی سے وضو کیا اور معمول کے مطابق تہجد پڑھی۔ تب سے الحمدللہ! سب کچھ صاف دکھائی دے رہا ہے۔

اس کے علاوہ میں نے ایک لاعلاج مریض کو سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل اول آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ 3 بار سورۃ اخلاص پڑھنے کیلئے بتایا تھا۔ ابھی دو دن پہلے اس نے بتایا کہ میں بالکل صحت یاب ہو چکا ہوں۔

(محمد سعید صاحب۔ بہاولپور)

## اللہ تعالیٰ نے گناہ سے بچالیا

پچھلے دنوں میں نے لاہور سے کہیں دوسرے شہر جانا تھا۔ مجھے پتہ تھا کہ راستے میں کوچ والے فلم وغیرہ لگا دیتے ہیں۔ لہٰذا میں نے گھر سے نکلنے سے پہلے 2 رکعت صلوٰۃ الحاجات ادا کر کے دعا کی یا اللہ! مجھے بدنظری کے گناہ سے بچانا۔ جب میں کوچ میں بیٹھا تو فلم لگی ہوئی تھی۔ میں نے وہیں بیٹھے بیٹھے نفل پڑھنا شروع کر دیئے چونکہ میرا وضو قائم تھا تو اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ٹی وی بند ہوگیا۔ ایک سواری ڈرائیور کو بار بار کہہ رہی

www.freebooks4all.com

تھی کہ یار فلم لگاؤ۔ میں نے سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل پڑھ کر اسے ہدیہ کر دیا تو وہ بھی خاموش ہو گیا اور میرا سفر بغیر فلم دیکھے اور بدنظری سے بچتے ہوئے کٹ گیا۔ واپسی پر میری اہلیہ اور بچے بھی ساتھ تھے تب بھی یہی معاملہ ہوا اور اللہ پاک نے ہمیں ہر قسم کے گناہ سے بچائے رکھا۔

(ع،ن۔۔۔۔۔۔لاہور)

## دل کی میڈیسن لینے سے نجات

میرا 19 جنوری 2001ء کو دل کا بائی پاس ہوا تھا۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ آپ کو ساری زندگی دوائی لینا ہوگی۔ 2003ء، 2004ء تک میں دوائی استعمال کرتا رہا لیکن پھر میں نے سورۃ فاتحہ کا عمل فجر کی سنتوں کے بعد اول آخر 7 بار درود شریف اور 41 بار سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھی کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی آخری ''م'' کو الحمدللہ کی ''ل'' کے ساتھ ملا کر پڑھا۔ یہ پڑھنے کے بعد میں اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے دل پر ہاتھ مل لیتا، اپنے گھٹنوں پر مل لیتا، اپنی کمر پر اور اپنی گردن پر بھی ہاتھ پھیر لیتا۔ اس وقت میری عمر 73 سال ہو گئی ہے۔ 2004ء سے اب تک میں نے دل اور نہ ہی کسی اور بیماری کی دوائی استعمال کی اور بالکل ٹھیک ہوں۔ الحمدللہ سورۃ فاتحہ کی برکت سے میں دوائی سے بچا ہوا ہوں۔

(محسن انصاری صاحب۔لاہور)

## تمام گھر والوں میں اتفاق و برکت

مجھے ایک دوست کا فون آیا جو میرے ساتھ کام کرتے تھے۔ کہنے لگے کہ آکر فوراً مجھے ملو۔ میں وقت نکال کر گیا تو کہنے لگے مجھے تم اولڈ ہاؤس لے چلو۔ ان کی عمر تقریباً 65،66 سال ہے۔ میں نے پوچھا کیوں خیریت ہے؟ تو وہ رونے لگے اور کہا کہ بس مجھے لے چلو نہیں تو میں پاگل ہو جاؤں گا۔ میں نے کہا بھئی مسئلہ بتاؤ کیا ہے؟ کہنے لگے سارے گھر میں نااتفاقی کی آگ لگی ہوئی ہے اور مجھے سمجھ نہیں آتی کہ کیا ہو رہا ہے۔ میں

www.freebooks4all.com

نے کہا یہ تو معمولی سا مسئلہ ہے تم سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل اول آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے گھر کے ہر فرد کو ہدیہ کر دیا کرو اور کسی سے کچھ کہنے سننے کی بجائے ہر وقت جتنی بار بھی ہو سکے یہ عمل کرو۔

اس کے 3 ہفتے بعد اس کا پھر فون آیا کہ فوراً آ کر ملو۔ میں دوبارہ ملنے گیا تو وہ پہلے ادھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا اور کچھ دیر بعد کہنے لگا تم نے مجھ سے پوچھا ہی نہیں کہ کیا بنا؟ میں نے کہا چلو بتا دو۔ تو کہنے لگا میں 3 ہفتے سے مسلسل وہ عمل پڑھ کر سب افراد کی روح کو ثواب کا ہدیہ دے رہا ہوں اور اس عمل کی برکت سے سب ایک دوسرے کے گلے لگ کر رو رہے ہیں اور ایک دوسرے سے معافیاں مانگ رہے ہیں۔ مجھے یقین ہی نہیں آتا کہ میرے گھر میں اتنا اتفاق و برکت کیسے ہو گیا ہے۔

(محسن انصاری صاحب۔ لاہور)

## اعمال کے ہدیے سے مقصد میں کامیابی

پچھلی جمعرات کا واقعہ ہے کہ ہم عبقری دفتر میں کھڑے تھے وہاں کچھ لوگ مانسہرہ سے آئے ہوئے تھے جنہوں نے حضرت جی دامت برکاتہم سے دوائی لکھوائی ہوئی تھی لیکن دوائی بنانے والے حضرات شاید چھٹی پر تھے۔ مانسہرہ والے حضرات کہہ رہے تھے کہ ہم نے واپس جانا ہے لیکن دفتر والے کہہ رہے تھے کہ آپ رات یہاں رہیں صبح دوائی بنوا لیجئے گا۔ آخر میں نے ان حضرات سے کہا کہ اور تو کچھ ہو نہیں سکتا آپ سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل پڑھ کر ان کو ہدیہ کر دیں ان شاء اللہ آپ کا کام ہو جائے گا۔

اس کے بعد میں لنگر کھانے آ گیا اور دعا کرتا رہا کہ یا اللہ انہوں نے یہ عمل پڑھا ہو اور تو ان کا کام کروا کر انہیں اعمال پر یقین دلا دے۔ پھر جب میں کھانا کھانے کے بعد واپس گیا تو سڑک پر وہی لوگ کھڑے تھے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کیا بنا؟ وہ کہنے لگے کہ ہمارا کام بن گیا ہے اور اب ہم تسلی سے واپس جا رہے ہیں۔

(منصور احمد صاحب۔ لاہور)

www.freebooks4all.com

## ٹوٹا ہوا بازو تین دن میں ٹھیک ہو گیا

پچھلی نوچندی جمعرات میں اپنے آفس سے جلدی میں نکلا اور یہاں آتے ہوئے میرا ایکسیڈنٹ ہو گیا جس سے میری کہنی نکل گئی۔ اچانک مجھے خیال سوجھا اور میں قبرستان میں جا کر بیٹھ گیا۔ وہاں جا کر اول آخر 3 بار درود شریف 1 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر تمام فوت شدگان کی روحوں کو ایصال ثواب کر دیا اور دعا کی کہ یا اللہ! جو خوشی تو نے ان قبر والوں کو دی ہوئی ہے یقیناً میری دنیاوی خوشیاں اس کی برابری نہیں کر سکتیں اور جو دکھ اور تکلیف خدانخواستہ ان قبر والوں کو ہے میرے غم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ اللہ تو اپنے اس کلام کی برکت سے ان قبر والوں کو ثواب پہنچا اور میری تکلیف دور کر دے اور قبر والوں پر اپنی رحمتیں فرما۔

اللہ کا ایسا کرم ہوا کہ صرف 2 بار پٹیاں کروانے سے میرا بازو تین چار دن میں بالکل ٹھیک ہو گیا اور یقیناً اللہ پاک کی اس مدد پر میں خود بھی حیران تھا۔

(حافظ وقاص صاحب۔ لاہور)

## ماں اور بیٹی صحت یاب ہو گئیں

ہر جمعرات کو درس سن کر جب واپس جاتا ہوں تو کوشش ہوتی ہے کہ اگلے ہفتے میں اللہ پاک کوئی مشاہدہ دکھا دے تاکہ مجالس مجذوبی میں لوگوں کے افادہ عام کیلئے اللہ کی محبت اور اس کی طاقت کا تذکرہ کیا جا سکے۔ اس اتوار کو میرے گھر میں عجیب آزمائش آئی۔ ہوا یہ کہ میری دو اڑھائی سال کی بچی اچانک بیمار ہو گئی اور اسے بہت زیادہ پیچش لگ گئے۔ تھوڑی ہی دیر میں کمزوری کی وجہ سے اس کا چھوٹا سا منہ نکل آیا۔ بچی کی والدہ بھی سخت بیمار تھی کہہ رہی تھی کہ لگتا ہے جیسے کوئی میرے دل کو چبا رہا ہے یا اسے ہاتھوں میں لے کر مسلسل دبا رہا ہے۔ وہ چارپائی پر لیٹ گئی اٹھنے کی کوشش کرے تو کانپنے لگ جائے۔

حضرت دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ فاتحہ کی اجازت عطا فرمائی ہوئی ہے۔ میں

www.freebooks4all.com

نے ایک خاص ترکیب سے 41 بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دونوں کو دم کیا تو کچھ افاقہ ہوا۔ میں نے بچی کو اپنی ہی تیار کردہ ایک ہربل میڈیسن کھلائی جس میں مجھے خود یاد نہیں کہ کیا کیا ڈالا ہوا ہے میں نے جونہی بچی کو دوائی دی بچی پہلی ہی خوراک کھا کر صحت یاب ہوگئی اور اسکی والدہ کو مسلسل سورۃ فاتحہ کا دم کرتا رہا اور توجہ اس کے دل پر رکھی۔ وہ خود بھی مسلسل سورۃ کوثر پڑھتی رہی جس سے محسوس ہونے لگا کہ پہلے سے بہتر ہے۔ جب رات ہوئی پھر درد شروع ہوگیا پھر دم کیا اور صبح تک ٹھیک ہوگئی۔ اگلی رات لیٹے لیٹے پھر ہلکا ہلکا بخار ہونا شروع ہوگیا۔ نقاہت اتنی تھی کہ بیٹھے ہوئے اٹھ نہیں سکتی تھی۔ کہنے لگی کہ لگتا ہے مجھے بریسٹ کینسر ہو رہا ہے اور دائیں طرف گلٹی سے محسوس ہو رہی ہے۔ ذرا سا ہاتھ لگنے سے درد ہوتا تھا۔ میں نے کہا کہ اللہ پر کامل یقین رکھو ان شاء اللہ ضرور ٹھیک ہو جاؤ گی۔ واضح رہے کہ حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے روحانی غسل بھی سورۃ فاتحہ کے ساتھ ہی حکم فرمایا ہوا ہے۔ پہلے میں سورۃ فاتحہ پڑھتا ہوں پھر غسل کرتا ہوں۔ خیر! میں جونہی روحانی غسل کر کے نکلا تو اہلیہ کہنے لگے کہ میں ٹھیک ہوگئی ہوں۔ آج جب میں یہاں آنے سے پہلے غسل کرنے لگا تو اہلیہ نے کہا کہ ابھی صبح تو آپ نہائے ہیں؟ میں نے کہا کہ میں تمہاری نیت سے غسل کرنے لگا ہوں۔ کہنے لگی کہ الحمدللہ بالکل ٹھیک ہو چکی ہوں اب نہ کوئی درد اور نہ کمزوری ہے بالکل پہلے جیسی ہوگئی ہوں۔

(محمد آصف اقبال صاحب۔ منڈی بہاؤالدین)

## اب لیٹ ہونے پر باس کی ڈانٹ نہیں پڑتی

میں جب آفس جاتا ہوں تو راستے میں ٹریفک کے باعث روزانہ لیٹ ہو جاتا ہوں اور مجھے Boss کی باتیں سننا پڑتی تھیں۔ اب میں آفس میں داخل ہونے سے پہلے تصور ہی تصور میں سورۃ فاتحہ والا عمل اول آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر Boss پر پھونک مار دیتا ہوں۔ اور اگر لیٹ

www.freebooks4all.com

بھی ہو جاؤں تب بھی ڈانٹ نہیں پڑتی۔

(م۔ع ۔۔۔۔۔۔)

## آمدنی میں اضافہ اور ملاقات میں آسانی

میں ایک دکاندار ہوں اور صبح دکان کھولنے سے پہلے 11 بار درود شریف، 11 بار سورۃ فاتحہ اور پھر 3 بار درود شریف پڑھ لیتا ہوں جس سے سارا دن خوب آمدنی ہوتی ہے۔ اگر کوئی گاہک آکر سودا نہ خرید رہا ہو تو میں اول آخر ایک بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر گاہک پر پھونک مار دیتا ہوں وہ مناسب ریٹ میں سودا خرید لیتا ہے۔ اس عمل کو میں نے تسبیح خانے میں بھی آزمایا وہ ایسے کہ یہ عمل 3 مرتبہ پڑھ کر حضرت جی دامت برکاتہم کے کلینک کے دروازے پر پھونک ماردی اور نیت کی کہ میری ان سے ملاقات ہو جائے اور جونہی حضرت صاحب دامت برکاتہم باہر تشریف لائے میری ان سے ملاقات ہوگئی۔

(ج۔ا ۔۔۔۔۔۔۔)

## سورۃ فاتحہ کا ایک فیصلہ کن عمل

یہ آج سے سات آٹھ سال پہلے کا واقع ہے کہ مجھے ایک الزام کے تحت گرفتار کرلیا گیا اور مجھے ایسے جگہ لے جایا گیا جہاں مجھے خود نہیں پتہ تھا کہ میں کہاں ہوں اور نہ ہی میرے گھر والوں کو میری کچھ خبر تھی۔ تقریباً سوا سال میں اسی گمشدگی کی حالت میں رہا۔ میرے ہم زلف کو اس دوران کسی نے سورۃ فاتحہ کا ایک عمل بتایا کہ آپ یہ کر و اس کے کرنے سے کم از کم یہ تو پتہ چل جائے گا کہ آپ کا بندہ کس حال میں ہے۔ سوا سال بعد میں اتنا شدید بیمار ہو گیا کہ مجھے CMH میں داخل کروا دیا گیا وہاں کے ڈاکٹروں نے کہا کہ آپ کو کافی عرصہ علاج کروانا پڑے گا لیکن کچھ دیر بعد وہ متعلقہ اہلکار آکر کہنے لگا تمہیں رہائی مل گئی ہے یہاں سے چھٹی لے لو۔ پہلے مجھے یقین نہ آیا لیکن پھر جب اس نے یقین دلایا تو میں فوراً ہسپتال سے ڈسچارج ہو کر گھر آ گیا۔ میں نے اپنے

www.freebooks4all.com

ہم زلف کو فون کیا تو ابھی بات ہو رہی تھی کہ فون کٹ گیا میں نے دوبارہ کال کی تو وہ کہنے لگا کہ پہلے میں فون کاٹ کر سجدے میں گر گیا تھا کسی نے مجھے سورۃ فاتحہ کا یہ عمل دیا تھا کہ سورۃ فاتحہ فجر کی سنتوں کے بعد 41 بار پھر فجر کے فرضوں کے بعد 70 بار اور عشاء کے بعد 70 بار پڑھنے کا عمل 41 دن کرنا ہے اور سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھنی ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی آخری ''م'' کو الحمدللہ کے ''ل'' کیساتھ ملا کر پڑھنا ہے تو میں یہ ارادہ کر کے تبلیغی جماعت کے ساتھ نکل پڑا کہ سفر کے دوران ہی یہ عمل کر لوں گا اور آج میرا 41 واں دن ہے اور میں ابھی تبلیغی جماعت کے ساتھ ہی ہوں۔ یہ بہت بڑا فائدہ سورۃ فاتحہ کا ہمیں حاصل ہوا۔

(آصف اقبال صاحب)

## کمر درد پر دم کرنے سے فوری آرام

کچھ عرصہ پہلے میں 12 فٹ اونچی چھت سے گرا تھا جس کی وجہ سے میری کمر میں چوٹ لگی اور درد رہنا شروع ہو گیا۔ پچھلی جمعرات میں پہلی بار درس میں حاضر ہوا درس میں بھی درد محسوس ہوتا رہا گھر جا کر بھی درد ہوتا رہا۔ مجھے یاد آیا کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے سورۃ فاتحہ اور اخلاص کا عمل دیا تھا لہٰذا میں نے اول آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا۔ وہ دن اور آج کا دن مجھے دوبارہ الحمدللہ کبھی درد نہیں ہوا۔

(نعمان صاحب۔ لاہور)

## پیشاب کی نالی سے جان چھوٹ گئی

میرے ایک دوست افتخار صاحب عبقری رسالہ کے قاری ہیں اور حضرت جی دامت برکاتہم کا درس نیٹ پر سنتے ہیں تو وہ بتانے لگے کہ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے ایک درس میں فرمایا تھا کہ سورۃ فاتحہ میں شفاء ہے۔ میرے والد صاحب کی عمر 95 سال ہے اور انہیں کافی عرصے سے پیشاب کی نالی لگی ہوئی ہے میں جب

www.freebooks4all.com

بھی ان کے پاس جا کر بیٹھتا تو اول آخر ایک بار درود شریف کے ساتھ 3 بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر ان پر دم کر دیتا صرف سات دن بعد والد صاحب کو پیشاب کی نالی والی جگہ پر درد شروع ہو گیا اور جب ہم نے نالی اتار دی تو انہیں درد سے آرام آ گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ کہنے لگے مجھے پیشاب کی حاجت محسوس ہو رہی ہے ہم نے انہیں نارمل طریقے سے پیشاب کروایا اور اس دن کے بعد سے آج تک وہ بالکل نارمل ہیں۔ پیشاب کی نالی دوبارہ لگانے کی ضرورت ہی نہیں پڑی، اب بھی ان پر سورۃ فاتحہ کا دم روزانہ کرتے رہتے ہیں۔

(محمد الطاف صاحب۔ گجرات)

## دائمی سر درد کا علاج

تقریباً ڈیڑھ دو سال پہلے حضرت صاحب دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل دیا تھا وہ میں پڑھتا رہتا ہوں پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میں اپنے آفس میں ٹیلیفون آپریٹر کے پاس بیٹھا تھا تو اس نے سر درد کی شکایت کی۔ میں نے مزید پوچھا تو وہ بتانے لگا کہ مجھے اکثر سر میں شدید درد رہتا ہے گولی بھی کھا لیتا ہوں پھر بھی ہوتا رہتا ہے لہٰذا تم مجھے کوئی دم کر دو۔ میں پہلے تو خاموش ہو گیا پھر سوچا کہ اسے سورۃ فاتحہ اور اخلاص والے عمل کا ہی دم کر دیتا ہوں۔ تو میں نے اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر اسے دم کر کے پھونک مار دی اور اپنے کام میں مصرف ہو گیا۔ کچھ دیر بعد میں نے اس کا حال پوچھا تو کہنے لگا کہ اب درد نہیں ہو رہا۔ آج میں نے 8 دن کے بعد دوبارہ پوچھا بھئی وہ جو تمہیں درد ہوتا تھا؟ کہنے لگا اب تو صرف ہفتے میں ایک دو بار ہی تھوڑا سا ہوتا ہے اور وہ بھی خود ہی ٹھیک ہو جاتا ہے میں نے اسے وہ عمل بتا دیا کہ اول آخر 3 بار درود شریف، ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر خود کو دم کر لیا کرو ان شاء اللہ ہر وقت آرام میں رہو گے۔

(محمد اعجاز صاحب۔۔۔ لاہور)

www.freebooks4all.com

## افسر نے ڈانٹنے کی بجائے تعریف کردی

میں سٹیشن والی سائیڈ پر رہتا ہوں اور ایک سکول میں ملازمت کرتا ہوں۔ آج صبح جب میں دفتر پہنچا تو ایک بہت سخت مزاج افسر آئے ہوئے تھے اتنے سخت مزاج تھے کہ ہر کسی کو بلا کر ڈانٹ رہے تھے۔ میں بھی ڈر گیا کہ یہ مجھے بہت ڈانٹیں گے۔ میں نے سورۃ فاتحہ والا عمل اول و آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر اس آفیسر کی روح کو ہدیہ کر دیا۔ جب میری باری آئی تو انہوں نے بجائے مجھے ڈانٹنے کے الٹا میری تعریف کی اور مجھے سر کہہ کر پکارا۔ میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا جس نے اپنے کلام کی برکت سے میری عزت افزائی کروائی۔

(معراج دین صاحب۔۔۔)

## دم اور صدقہ کرتے ہی بچہ نارمل ہو گیا

عید کے دوسرے دن احمد پور شرقیہ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا درس تھا جس میں حضرت صاحب دامت برکاتہم نے سورۃ فاتحہ اور اخلاص والا عمل ارشاد فرمایا تھا۔ منڈی جہانیاں میں میرے پاس لوگ دم وغیرہ کروانے آتے رہتے ہیں۔ ایک دن ایک عورت اپنے پوتے کو لے کر آئی جو ابھی صرف چھ سات دن کا تھا۔ کہنے لگی کہ یہ جب سے پیدا ہوا ہے ایک بار بھی نہیں رویا اور نہ ہی کچھ کھاتا پیتا ہے۔ بہت سے ڈاکٹروں کو چیک کروایا ہے لیکن وہ اس کا علاج کرنے میں بالکل بے بس ہیں۔ میں نے اس بچے کو سورۃ فاتحہ اور اخلاص والے عمل کا دم ایسے کیا کہ اول و آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص اس کے ساتھ میں نے کہا کہ کوئی صدقہ بھی ضرور کرو۔ اگلے دن وہ عورت دوبارہ آ کر بتانے لگی کہ کل میں نے جا کر ایک مرغی ذبح کروا کر صدقہ کر دیا تھا اور جونہی صدقہ کیا بچہ رونے لگ پڑا حالانکہ اس کے نہ رونے سے ہم سب گھر والے پریشان تھے۔ اللہ کا فضل ہے کہ سورۃ فاتحہ والے عمل اور صدقے سے وہ بچہ نارمل ہو گیا ہے۔

(صوفی جاوید اقبال صاحب۔ منڈی جہانیاں)

www.freebooks4all.com

## میری سب سے بڑی حاجت روائی

میں نے 3 ماہ پہلے درس میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص کا ایک عمل سنا تھا کہ اول و آخر 3 بار درود شریف، ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص (یہ سب ایک بار ہوا اور ایسا 41 بار پڑھنے سے ایک نصاب مکمل ہوگا) پڑھ کر مانگنے سے اللہ پاک دعا قبول فرماتا ہے۔ میں نے یہ عمل کرنے سے پہلے سوچا کہ میری سب سے بڑی حاجت کونسی ہے؟ غور کرنے پر پتہ چلا کہ میرے معمولات میں کافی کمی ہے اور عبادت میں حلاوت نصیب نہیں ہو رہی۔ اس نیت سے میں نے یہ عمل 41 بار پڑھا اور پھر دعا کی یا اللہ! مجھے 100% دین پر چلنے والا بنادے اور میرے معمولات پابندی سے ادا ہوتے رہیں، مجھے اعمال کی کیفیات عطا فرما۔ الحمدللہ! صرف ایک دن ہی یہ عمل کرنے سے مجھے واضح فرق محسوس ہوا۔ اب کبھی میرے معمولات میں ناغہ نہیں ہوتا اور اعمال کی کیفیات نصیب ہوتی ہیں۔ اس کے ساتھ میں نے یہ دعا بھی کی کہ یا اللہ! میں جہاں ملازمت کر رہا ہوں وہاں مصروفیت بہت زیادہ ہوتی ہے تو مجھے عافیت والا کوئی اور روزگار عنایت فرمادے۔ اب الحمدللہ! میں وہاں سے ملازمت چھوڑ چکا ہوں اور اللہ پاک نے مجھے اپنا کاروبار عطا کر دیا ہے۔

(ج،م۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

## بینک میں خراب کمپیوٹر سسٹم فوراً درست ہوگیا

کل جب میں بینک گیا تو وہ کہنے لگے کہ جی ہمارا کمپیوٹر سسٹم خراب ہے۔ میں نے کہا کہ میں نے آپ کو پہلے بھی ایک عمل دیا تھا کہ اول و آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھونک مارنے سے آپ کے کمپیوٹر ٹھیک ہو جائیں گے۔ کہنے لگے آپ ہمیں یہ وظیفہ لکھ دیں۔ میں نے تفصیل سے سارا عمل لکھ دیا اور جونہی انہوں نے پڑھنا شروع کیا ان کا سسٹم آن ہوگیا۔ وہ کہنے لگے کہ اب تو جس وقت بھی ہمارا سسٹم خراب ہوا ہم یہی عمل کریں گے۔

(محمد آصف صاحب۔۔)

www.freebooks4all.com

## عامل نے ڈرایا...... پاگل ہو کر مرو گے

دو سال پہلے کی بات ہے کہ میرے ایک دوست جو یہیں بیٹھے ہیں انہیں دل میں شدید درد ہوتا تھا جوان کی برداشت سے باہر ہو جاتا تھا خاص طور پر جب سردیاں آتیں تو یہ تکلیف بڑھ جاتی۔ اس وجہ سے ان کا سر بھی ہر وقت بوجھل رہتا تھا۔ انہوں نے کافی ٹیسٹ کروائے لیکن کسی کی سمجھ میں ہی نہیں آتا تھا کہ اصل وجہ کیا ہے۔ پھر یہ ایک عامل سے ملے اس نے انہیں مزید ڈرا دیا اور کہنے لگا کہ تمہارا علاج کسی کے پاس نہیں ہے تم اسی تکلیف کی وجہ سے پاگل ہو کر مرو گے۔ پھر ایک دن میرے پاس آئے اور اپنے مسائل بیان کئے۔ میں نے کہا اللہ نے چاہا تو تم چند دنوں میں بالکل صحت یاب ہو جاؤ گے۔ یہ پوچھنے لگے کہ کیسے؟ میں نے ان کا ہاتھ دل کے اوپر رکھوا دیا اور کہا کہ ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھو یقین جانیں سورۃ فاتحہ میں کوئی ایسی شفاء اللہ پاک نے رکھی ہے کہ ان کی تکلیف فوراً ختم ہو گئی۔ آج یہ بتا رہے تھے کہ مجھے اس دن کے بعد دوبارہ وہ تکلیف نہیں ہوئی اور اسی تکلیف کے ساتھ ساتھ باقی تمام مسائل بھی ختم ہو گئے۔

(محمد آصف اقبال صاحب)

## تمام معاملات خوش اسلوبی سے حل

ایک صاحب نے بتایا کہ میں نے یہاں درس میں ایک عمل سنا تھا کہ اگر کسی سے قرض واپس لینا ہو تو اسے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل پڑھ کر روحانی ہدیہ کر دیں اس کی برکت سے بغیر کسی لڑائی جھگڑے اور الجھن کے آپ کے پیسے واپس مل جائیں گے۔ تب سے میں نے یہ عمل اپنایا ہوا ہے۔ میں سوچتا ہوں کہ میں نے کسی سے بھی نہیں الجھنا بلکہ اعمال کا ہدیہ کرنا ہے۔ الحمد للہ! اس عمل کی برکت سے میرے تمام معاملات بہت خوش اسلوبی سے حل ہو جاتے ہیں۔

(ماجد صاحب۔۔۔۔۔۔)

www.freebooks4all.com

## چور محلے میں سائیکل محفوظ رہی

چند دن پہلے میں نے رات کے وقت اپنی سائیکل گھر کے باہر ہی کھڑی کر دی اور سوچا کہ تھوڑی دیر بعد کسی اور جگہ سائیکل پر کام جاؤں گا لیکن گھر میں جانے کے بعد میں بھول گیا اور کھانا کھانے کے بعد سو گیا۔ یہ بات واضح کر دوں کہ جب بھی سائیکل کھڑی کرتا ہوں تو ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس پر حفاظتی لاک کا تصور کرتے ہوئے پھونک مار دیتا ہوں۔ اس رات بھی ایسے ہی کیا۔ ہمارے محلے میں مشہور ہے کہ کسی کا ایک تنکا بھی گھر سے باہر مل جائے تو وہ بھی محفوظ نہیں رہ سکتا۔ آدھی رات کے وقت چوکیدار نے میرے گھر کی بیل دی۔ میں نیند سے اٹھا اور باہر آ کر پوچھا تو وہ کہنے لگا کہ آپ کے گھر کے باہر یہ بغیر تالے کے سائیکل کس کی کھڑی ہے؟ میں چونکا اور فوراً اسے بتایا یہ تو میری ہی سائیکل ہے اور پھر میں نے سائیکل اندر کر لی۔ اللہ پاک نے سورۃ فاتحہ کے دم سے میری سائیکل کی بغیر تالے کے حفاظت فرمائی۔

(محمد آصف صاحب۔۔)

## شدید ایکسیڈنٹ میں خراش تک نہ آئی

چند دن پہلے بہاولپور میں میری دادی جان کا انتقال ہو گیا 7 بجے ان کا جنازہ تھا۔ میں 6 بجے احمد پور شرقیہ سے گھر سے موٹر سائیکل پر نکلا اور نکلنے سے پہلے میں نے اہتمام کے ساتھ آخری 6 سورتیں، سفر کی دعا اور گھر سے نکلنے کی مسنون دعا پڑھ لی۔ تقریباً 7 بجے میں بہاولپور قریب پہنچا تو اچانک کہیں سے دو کتے بھاگتے ہوئے میری موٹر سائیکل کے سامنے آ گئے۔ ایک کتا موٹر سائیکل کے پہیے کے نیچے آ گیا اور دوسرا درمیان میں انجن والی جگہ میں پھنس گیا۔ میری قلابازی لگی اور میں فٹ پاتھ پر جا کر زور سے لگا۔ ابھی میں گر رہا تھا کہ مجھے خیال آیا کہ میرا بازو یا ٹانگ یقینی طور پر آج ٹوٹ جائے گی لیکن پتہ نہیں کون سی طاقت تھی جس نے مجھے فٹ پاتھ کے اوپر پھینکا اور میں اچھا بھلا تھا۔ اچانک لوگوں کا ہجوم اکٹھا ہو گیا۔ ایک صاحب کہنے لگے کہ میاں! جا کر کوئی صدقہ، خیرات وغیرہ کرنا اللہ

www.freebooks4all.com

نے تمہیں بچالیا ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ میں گھر سے یہ اعمال کر کے نکلا تھا جس کی برکت سے اللہ پاک نے میری حفاظت فرمائی ہے۔

(محمد بلال صاحب۔ بہاولپور)

## ڈیڑھ سالہ بیمار بچی ٹھیک ہوگئی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

میرا نام خدا بخش ہے اور میرا تعلق گوجرہ سے ہے۔ چند دن پہلے میری ڈیڑھ سالہ بچی کو الٹیاں اور موشن شروع ہوگئے۔ میں نے بہت ڈاکٹروں کو دکھایا اور دوائیں استعمال کروائیں۔ کوئی کہتا خون کی کمی ہے یہ دوائی دو یہ دو، گھر میں بھی بہت ٹوٹکے آزمائے لیکن کوئی فرق نہ پڑا۔ میں نے حضرت جی کو تفصیل خط میں تحریر کردی۔ ان ہی دنوں میں حضرت صاحب کا خط ملا اس میں حضرت صاحب نے اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص بسم اللہ شریف کیساتھ 41 مرتبہ روزانہ 41 دن لگاتار پڑھنے کا حکم فرمایا۔ ابھی میں نے 16 دن ہی پڑھا تھا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ! میں بے بس ہوں تو کریم اللہ بے بس نہیں ہے۔ اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے میری بچی کو بغیر کسی دوائی کے ہی ٹھیک کردیا۔

(خدا بخش صاحب۔۔۔ گوجرہ)

## منہ مانگی قیمت پر دکان فروخت کی

حضرت صاحب دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ ایک مرتبہ الحمد شریف (سورۃ فاتحہ) اور 3 مرتبہ قل ھواللہ (سورۃ اخلاص) پڑھ کر کسی کی روح کو ہدیہ کیا جائے تو اس سے جو کام کروانا ہو ہو جاتا ہے۔ میں نے اپنی دکان کا سودا کرنا تھا اور جن کو دکان بیچنا تھی میں ان کی روح کو الحمد شریف اور قل ھواللہ پڑھ کر ہدیہ کرتا رہا۔ جس کی برکت سے من چاہی قیمت پر دکان کا سودا ہوا اور اس عمل کی برکت سے اور بھی بہت فائدہ ہوا۔

(نبیل رضا صاحب۔۔۔۔)

www.freebooks4all.com

## گھریلو لڑائی جھگڑے ختم

میں نے اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص جب بھی پڑھی فائدہ ہی پایا۔ حتیٰ کہ اگر گھر میں لڑائی بھی ہو رہی ہو تو تب بھی اس کے پڑھنے سے اللہ کی رحمت ہوتی ہے اور سب لڑائی جھگڑے ختم ہو جاتے ہیں۔

(خرم شمسی صاحب۔ لاہور)

## جو سوچتا ہوں وہ مقصد پورا ہو جاتا ہے

السلام علیکم!

میں سیالکوٹ سے آیا ہوں۔ میں اول آخر درود شریف اور ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھتا ہوں۔ میں جس مقصد کیلئے بھی یہ پڑھتا ہوں وہ پورا ہو جاتا ہے۔ ایک مرتبہ میں سائیکل پر گھر سے نکلا تو میرے پاس پیسے نہیں تھے میں سوچ رہا تھا کہ سائیکل کھڑی کرنے کا کرایہ کیسے دوں گا۔ میں راستے میں جا رہا تھا تو مجھے 5 روپے ملے جو سائیکل سٹینڈ والے کو دے دیئے۔ ایسے اور بھی بہت سے واقعات ہے جو میرے سوچتے ہی پورے ہو جاتے ہیں۔

(ذ، ل۔۔۔۔ سیالکوٹ)

## پریشانیاں اور بلائیں ٹل گئیں

السلام علیکم!

کچھ دن پہلے میں نے عبقری رسالے میں علامہ صاحب لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کے مضمون میں پڑھا تھا کہ اول و آخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر جانور کی روح کو ہدیہ کر دیں کہ وہ میرے لئے دعا میں لگ جائے۔ اس عمل کو میں نے بہت نافع پایا اور اس عمل کے بعد میری پریشانیاں اور بلائیں ایسے ٹلیں جن کا میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔

(محمد حیدر صاحب۔۔۔۔)

www.freebooks4all.com

## ہر طرف وارے نیارے ہوگئے

کچھ عرصہ پہلے کاروباری مسائل کی وجہ سے میں بھاری قرضہ کے نیچے آ گیا اور کاروبار میں بھی بہت بھاری نقصان ہوا۔ پھر حضرت جی دامت برکاتہم نے ایک عمل کی ترغیب دی کہ جمعرات کی رات سے عشاء کے بعد ننگے سر چھت پر بیٹھ کر 70 بار سورۃ فاتحہ پڑھنی ہے۔ پھر اگلے دن جمعے کی رات کو 10 کی تعداد کم کر کے 60 بار اسی طرح 10،10 کی تعداد کم کرتے کرتے اگلی جمعرات کو پھر 70 بار سے شروع کر دینا ہے اور یہ عمل 21 دن یا 40 دن کرنا ہے۔ حضرت صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا تھا کہ اس کی برکت سے ہر مشکل کام حل ہو جائے گا۔ اگر باوضو ہو کر کھلی چھت پر یہ عمل کریں تو زیادہ نفع ہوگا اور اگر خواتین یہ عمل کریں تو وہ ہر جگہ سر ڈھانپ کر ہی یہ عمل کریں۔

میں نے یہ عمل شروع کیا اور دعا کی کہ یا اللہ! اس کی برکت سے کوئی سبب بنا دے، دنیا و آخرت عطا فرما اور اس عمل کی برکت سے اپنا تعلق بھی عطا فرما دے۔ جب میرے 40 دن پورے ہوئے تو کسی نے بتایا کہ پرانے ٹائروں کا کاروبار بہت منافع بخش ہے اور اس کی لاٹ عمان میں ملے گی۔ اللہ پاک نے غیب سے اسباب بنائے اور دس پندرہ دن پہلے میں عرب ملک عمان کا سفر کیا۔ وہاں اللہ پاک نے بغیر کسی رکاوٹ کے 3 انبیاء کرام علیہم السلام حضرت سیدنا ایوب علیہ السلام، حضرت سیدنا یونس علیہ السلام اور حضرت سیدنا عمران علیہ السلام کے روضہ مبارک پر حاضری کا شرف بخشا اور ساتھ ہی حضرت خواجہ اویس قرنی رحمتہ اللہ علیہ کی تربت پر بھی حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ اللہ پاک نے سورۃ فاتحہ کے عمل کی برکت سے یہ سعادت عطا فرمائی۔ دنیاوی لحاظ سے مجھے یہ فائدہ ملا کہ عمان میں پرانے ٹائروں کی بہت بڑی لاٹ مل گئی اور میرے وارے نیارے ہوگئے۔

(محمد انیس گل صاحب۔۔۔)

www.freebooks4all.com

## بھاری قرض سے خلاصی

حضرت صاحب نے عمل بتایا تھا کہ جب بھی کوئی پریشانی ہو اور کسی طریقے سے حل نہ ہو رہی ہو اور سخت مشکل ہو تو سورۃ فاتحہ کا عمل جمعرات کی رات سے کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر (مرد حضرات) اول و آخر درود شریف 3 دفعہ یا 7 دفعہ پڑھ کر 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ اس ترتیب سے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی آخری ''م'' ''الحمد رب العلمین کے ساتھ ملا کر پڑھنی ہے ''الرحیم مل حمد للہ......'' اور جو حاجت ہو اللہ پاک سے دعا کریں۔ اللہ پاک اس کی برکت سے وہ حاجت پوری فرمائے گا۔ پھر اگلے دن 10 کی تعداد کم کر کے 60 مرتبہ اسی طرح 10,10 کی تعداد کم کرتے کرتے اگلی جمعرات کو پھر 70 بار سے شروع کر دینا ہے اور یہ عمل 21 یا 40 دن کرنا ہے۔ میرا اپنا مشاہدہ ہے کہ مجھے سخت مالی مشکلات تھیں اور بھاری قرض تھا ہر جتن کر کے دیکھ لیا لیکن کسی طور بھی یہ بندشیں نہیں کھل رہی تھیں۔ جب اللہ پاک کی توفیق سے یہ عمل شروع کیا تو مجھے اپنا کام اور مسائل حل ہوتے ہوئے نظر آئے۔ بوجھ بھی کم ہو گیا اور بہت لوگوں کے قرض بھی اللہ نے سر سے اتار دیے ہیں۔ اس عمل سے قرآن پڑھنے کا نفع بھی سدا ملتا ہے اور ملتا رہے گا۔ ان شاء اللہ۔

(محمد انیس صاحب۔۔۔)

## ٹریفک وارڈن کو اعمال کا ہدیہ

ایک دن میں بند روڈ پر سفر کر رہا تھا میری بائیک کے پیچھے ایک بڑا سا بورا رکھا ہوا تھا۔ جس پر ٹریفک وارڈن نے مجھے روک لیا اور کہا کہ لائسنس دکھاؤ۔ جب وہ روک رہا تھا تو میں نے جلدی سے 7 بار یا حفیظ پڑھ لیا اور کہا کہ میرے پاس لائسنس نہیں ہے۔ کہنے لگا بائیک کے کاغذ ہیں؟ میں نے کہا نہیں ہیں۔ کہنے لگا تمہارا شناختی کارڈ؟ میں نے کہا وہ بھی نہیں ہے۔ وہ کہنے لگا کہ بائیک سے یہ بورا نیچے اتارو میں تمہاری موٹر سائیکل بند کرنے لگا ہوں۔ مجھے یقین تھا کہ یَا حَفِیْظُ کی برکت سے

www.freebooks4all.com

مجھے کچھ نہیں ہوگا۔ اس وارڈن کے ساتھ اس کا افسر اور مزید 3 وارڈن کھڑے تھے۔ میں نے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل پڑھ کر اس کی روح کو ہدیہ کر دیا۔ وہ کہنے لگا کہ لاؤ کوئی تو چیز دکھاؤ جس کے بدلے تمہیں چھوڑ دوں۔ میں نے آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دل میں کہا یا اللہ! میں نے تو تیرا نام لے کر انہیں ہدیہ بھی کر دیا ہے پھر بھی یہ کیوں نہیں چھوڑ رہے۔ ابھی گردن نیچے ہی کی تھی کہ وہ وارڈن کہنے لگا چلو جاؤ۔ میں نے پھر کہا یا اللہ! تو اتنی جلدی سن کر مدد بھی کر دیتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے میرا چالان نہیں ہوا اور میں اپنی منزل پر پہنچ گیا۔

(منصور احمد صاحب)

## ہر کام جلدی اور آسانی سے ہو جاتا ہے

میں نے اپنے ایک کاریگر کو سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل بتایا ہوا ہے۔ وہ پڑھتا رہتا ہے۔ ایک دن اس کا شناختی کارڈ گم ہو گیا۔ اس نے نیا بنوانے کیلئے جب درخواست دی تو اسے کہا گیا کہ تمہارا ریکارڈ ٹھیک نہیں ہے بہت دیر لگ جائے گی۔ وہ بتانے لگا کہ میرا پہلا کارڈ تو 4 مہینوں میں بنا تھا اب نہ جانے کتنا عرصہ لگے گا۔ میں نے اسے کہا کہ تم یہ عمل پڑھ کر کہو یا اللہ! میں نے ہر اس بندے کو ہدیہ کیا جس کے ہاتھوں میرا شناختی کارڈ بننا ہے۔ وہ کاریگر یہ عمل کرتے رہا۔ الحمد للہ! اس کا کارڈ صرف 21 دن میں بن گیا۔

(منصور احمد صاحب)

## علاج کروائے بغیر ہی ٹھیک ہو گیا

پندرہ بیس دن پہلے کی بات ہے کہ منڈی بہاؤ الدین میں ایک صاحب اپنے گھر کی سیڑھیوں سے نیچے گر گئے اور ان کی کمر کے مہرے ہل گئے۔ میں جب ان کی عیادت کیلئے گیا تو وہ بہت تکلیف میں تھے اور ان سے بیٹھا بھی نہیں جا رہا تھا۔ اللہ نے میرے دل میں بات ڈالی اور میں نے ان کی ریڑھ کی ہڈی پر ہاتھ رکھ کر سورۃ فاتحہ کا دم کر دیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ ان کے مہرے بالکل ٹھیک

www.freebooks4all.com

ہو گئے ہیں۔ ابھی وہ کل مجھے ملے تو کہنے لگے کہ الحمدللہ! میں تو علاج کروائے بغیر ہی ٹھیک ہو گیا ہوں۔

(آصف اقبال صاحب)

## اتنی برکت......کہ بیان سے باہر

محترم حکیم صاحب دامت برکاتہم نے درس میں فرمایا تھا کہ رزق کی برکت کیلئے باوضو رہنے سے بہت نفع ہوتا ہے۔ میں نے یہ عمل شروع کر دیا کھانا کھانے سے پہلے میں وضو کر لیتا ہوں کھانے کے دوران مسلسل سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھتا رہتا ہوں اور کھانا کھانے کے بعد 3 بار سورۃ قریش پڑھ لیتا ہوں۔ یہ عمل کرتے مجھے تین ہفتے ہو گئے ہیں۔ یقین جانیں کہ اتنی برکت ہوگئی ہے جو بیان سے باہر ہے۔ جو مشکلات اور پریشانیاں تھیں وہ ختم ہوگئی ہیں۔ میں ایک نیوز چینل میں سٹی ایڈیٹر ہوں۔ اس کے علاوہ حکیم صاحب دامت برکاتہم کے عبقری ٹرسٹ میں جتنے بھی صدقات اور عطیات جمع کروائے ہیں مجھے ان کا معاشی طور پر بہت منافع ہوا۔ مثلاً اگر پانچ سو روپے جمع کروائے تو پچیس سو اور اگر ایک ہزار روپے جمع کروائے تو فوری طور پر مجھے پانچ ہزار کا نفع ملا۔ جبکہ پہلے میں جہاں کہیں بھی صدقات و خیرات کرتا تھا وہاں کی بدولت مجھے اتنا نفع نہیں ملتا تھا۔

(محسن صاحب۔۔۔)

## خارش کا نام ونشان تک نہ رہا

کچھ عرصہ پہلے میرے پاس ایک بچہ لایا گیا جسے پورے جسم پر خارش تھی اور کافی عرصے سے اسے ڈاکٹروں اور حکیموں کی دوائیاں استعمال کرانے کے باوجود بھی افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے انہیں حضرت جی دامت برکاتہم کی اجازت سے پانی پر سورۃ فاتحہ کا دم کر کے دیا اور کہا کہ اسی پانی سے بچے کو نہلائیں اور پینے کیلئے بھی یہی استعمال کرائیں۔ 3 دن بعد وہ میرے پاس دوبارہ آ کر بتانے لگے کہ اللہ کے فضل سے بچے

www.freebooks4all.com

کے جسم پر خارش کا نام ونشان تک نہیں رہا اور وہ بالکل ٹھیک ہو گیا ہے۔

(محمد آصف اقبال صاحب)

## بغیر کسی مطالبے کے سفر کیلئے ٹکٹیں مل گئیں

میرے چچا رینجرز میں ہیں۔ انہوں نے کچھ دن پہلے مجھے وو چر دیے جن پر کراچی کیلئے ٹکٹیں کروانی تھیں جو میں نے 3 دن پہلے وہ وو چر اپنے دوست کو دے دیئے جب وہ ٹکٹیں کروانے گیا تو محکمہ والوں نے کہا کہ ان وو چرز کے ساتھ سروس کارڈ بھی ہوں گی تو ٹکٹیں ملیں گی ورنہ کسی صورت نہیں مل سکتیں۔ میرے دوست نے بہت منت سماجت کی لیکن کام نہ بنا اور وہ مایوس ہو کر واپس آ گیا۔ آج میں خود وو چر لیکر گیا اور جاتے ہوئے سورۃ فاتحہ والا عمل (اول وآخر 3 بار درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ 3 بار سورۃ اخلاص) پڑھ کر اس بندے کو ہدیہ کر دیا جس سے مجھے کام تھا اور دعا کی کہ یا اللہ! اس عمل کی برکت سے میرے کام میں آسانی پیدا کر دے۔ جب میں وہاں پہنچا تو ایک کاؤنٹر پر بہت زیادہ رش تھا میں بھی وہیں کھڑا ہو گیا لیکن فوراً دوسرے کاؤنٹر سے جو بالکل خالی تھا ایک بندے نے آواز دیکر مجھے اپنے پاس بلا لیا۔ میں نے اس کے سامنے وو چر پیش کیئے تو اس نے چپ چاپ وو چر پکڑے اور کسی چیز کے مطالبے کے بغیر ہی ٹکٹیں دے دیں۔

(محمد رضوان صاحب۔۔۔)

## جرمنی میں مقیم طلباء کی پریشانی کا حل

میں جرمنی کی ایک یونیورسٹی میں پڑھتا ہوں جس میں مجھے کچھ مشکلات کا سامنا تھا میں نے حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ سے عرض کی تو حضرت صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے مجھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا ارشاد فرمایا۔ تب سے میں ہر وقت سورۃ فاتحہ پڑھتا رہتا ہوں اور خاص طور پر جب کوئی مسئلہ ہو تو اور زیادہ پڑھتا ہوں۔

ایک بار ہمیں جرمنی کے شہر برلن کانفرنس کے سلسلے میں جانا تھا۔ ہم پانچ دوست تھے۔ وہاں ٹرین کے ٹکٹ کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں اگر گروپ کا ٹکٹ لیں تو سستا مل

www.freebooks4all.com

جاتا ہے۔ ہم نے بھی سٹوڈنٹ گروپ کا ایک ٹکٹ لے لیا لیکن اس ٹکٹ کا ٹائم فکس ہوتا ہے اگر مقرر وقت پر ہم ٹرین لے لیں تو ٹھیک ورنہ پیسے ضائع ہو جاتے ہیں اور نیا ٹکٹ خریدنا پڑتا ہے۔ ہمارا گروپ ٹکٹ ہماری ایک افریقن دوست کے پاس تھا ہم نے برلن جا کر کانفرنس شرکت کی اور 2 دن وہاں قیام کیا۔ واپسی پر ہماری افریقن دوست نے غلطی سے صرف آدھے گھنٹے کا فرق ڈال کر ٹکٹ کرالی جب نکلتے وقت چیک کیا تو صرف 20 منٹ رہتے تھے۔ جب ہم اسٹیشن پر پہنچے تو ہماری ٹرین نکل چکی تھی ہم بہت پریشان ہوئے کیونکہ ٹکٹ کے تقریباً پاکستانی 25/30 ہزار روپے بنتے تھے جو ضائع ہو گئے تھے۔

جرمن کے لوگ اپنے اصولوں پر بہت سختی سے عمل پیرا ہوتے ہیں اور کسی کیلئے بھی کوئی رعایت نہیں کرتے۔ ہم اسٹیشن گئے اور جا کر بتایا کہ ہماری ٹرین نکل گئی ہے آپ مہربانی کر کے انہی پیسوں میں اگلی ٹرین کا ٹکٹ دے دیں۔ وہ کہنے لگے یہ ممکن ہی نہیں آپ کو نیا ٹکٹ ہی خریدنا پڑے گا۔ ہم بہت پریشان ہوئے کیونکہ برلن سے واپس اوسنا بروک کا تقریباً 5 گھنٹے کا سفر تھا۔ ہم مایوس ہو کر بڑے اسٹیشن کی طرف چل پڑے اور سوچا کہ جا کر نیا ٹکٹ لے لیتے ہیں۔ میں نے سورۃ فاتحہ کا ذکر شروع کر دیا جو میں ایسی ہی مشکلات سے نکلنے کیلئے کیا کرتا ہوں۔ جب اسٹیشن پر پہنچے تو وہاں نیا ٹکٹ لینے کیلئے لائن میں کھڑے تھے کہ مجھے اچانک خیال آیا کیوں نہ ایک بار پھر ٹرائی کی جائے۔ ہم 2 دوست وہاں ایک خاتون کے پاس گئے جو کاؤنٹر پر بیٹھی ہوئی تھی میں مسلسل سورۃ فاتحہ پڑھتا رہا ہم نے جا کر اسے بھی یہی کہا کہ ہمارا پرانا ٹکٹ لے کر انہی پیسوں میں نیا ٹکٹ دے دیں۔ اس نے وہ ٹکٹ ہم سے لیا اور بغیر کچھ کہے ہمیں فوراً نیا ٹکٹ دے دیا۔ ہم جب واپس باقی دوستوں کے پاس آئے تو سبھی بہت خوش ہوئے اور پوچھنے لگے کہ یہ کیسے ممکن ہو گیا۔ میں نے بتایا کہ میرے جو روحانی پیشوا ہیں میں نے ان کا

www.freebooks4all.com

بتایا ہوا وظیفہ پڑھا تھا اس کی برکت سے یہ کام ہوا ہے۔ یہ سن کر وہ سبھی بہت متاثر ہوئے۔ یہ سب اللہ کی رحمت اور میرے مرشد دامت برکاتہم کے بتائے ہوئے وظیفے کی برکت ہے۔

(اجمل صاحب۔ جرمنی)

## اب جو مرضی کھاؤں کوئی مسئلہ نہیں!

میرے جسم میں ہر وقت درد اور تکلیف رہتی تھی اور آٹھ دس دن مجھے قبض رہتی تھی۔ میں نے اس نیت سے روحانی غسل کرنا شروع کر دیا اور کھانے کے دوران آپ دامت برکاتہم نے 7 بار سورۃ فاتحہ پڑھنے کا فرمایا تھا میں نے وہ عمل شروع کر دیا۔ اب الحمدللہ! اب جو مرضی اور جتنا بھی کھالوں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

(حافظ وقاص صاحب۔)

## گمشدہ رکشے والا مال سمیت مل گیا

ایک بار ہم رکشے میں مارکیٹ سے سامان لوڈ کر کے لا رہے تھے کہ راستے میں ہمارا سامان رکشے سمیت کہیں گم ہو گیا اور رش کی وجہ سے وہ رکشے والا ہمیں مل نہیں رہا تھا۔ میں نے سوچا رکشے والے کو اعمال کا ہدیہ کرتے ہیں۔ میں نے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل پڑھ کر رکشے والے کو ہدیہ کیا اور دعا کی یا اللہ! اس دنیاوی مال کی وجہ سے کہیں وہ بے ایمان نہ ہو جائے اسے جلدی سے ہم تک پہنچا دے۔ اس عمل کی برکت سے وہ رکشے والا ڈھونڈتے ڈھونڈتے خود ہی سامان سمیت ہمارے پاس پہنچ گیا۔

(م، ا۔۔۔۔۔۔ لاہور)

## مسلسل روتا ہوا بچہ چپ ہو گیا

کل رات کی بات ہے کہ ہمارے ہمسائیوں کا بچہ رات کے دو تین بجے بہت دیر سے مسلسل رو رہا تھا اور گھر کے افراد اسے چپ کرانے کی کوشش کر رہے تھے۔ ان کی آواز سے میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے سوچا کہ تسبیح خانے سے ملا ہوا کوئی عمل اس بچے

www.freebooks4all.com

کیلئے کرتا ہوں۔ میں نے 3 بار سورۃ فاتحہ پڑھی اور بچے کی نیت کر کے سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی آٹھ دس بار ہی پڑھا تھا کہ بچہ خاموش ہو گیا اور ساتھ ہی میری آنکھ بھی لگ گئی۔

(غلام محمد صاحب۔۔۔۔)

## پریشانیوں میں مبتلاء شخص کی دعا میں کیفیت

میں حضرت جی دامت برکاتہم کے درس میں مسلسل آرہا ہوں۔ پچھلے تین چار ماہ سے کچھ مسائل کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا۔ میرے معاملات بکھرے ہوئے تھے اور سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ان کو کیسے سمیٹوں۔ حضرت دامت برکاتہم نے مجھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا حکم فرمایا ہوا تھا۔ اس لئے زیادہ پریشانی مجھے اس وقت ہوتی جب میں ذکر کرنے بیٹھا تو صرف ایک دو بار پڑھ کر ہی دل اکتا جاتا۔ میری زبان پر سورۃ فاتحہ نہیں آتی تھی۔ میرا ذکر میں دل نہیں لگتا تھا اور آخر میں ذکر کرنا چھوڑ دیتا۔ حضرت جی دامت برکاتہم نے مجھے اپنے پاس بلا کر توجہ اور کچھ نصیحت فرمائی۔ ان کی بات میری سمجھ میں آگئی لیکن جو معاملات میں بکھیر چکا تھا سمجھ نہیں آرہی تھی کہ ان کو کیسے سمیٹوں میں بری طرح پھنسا ہوا تھا۔ پچھلی جمعرات کو جب میں درس میں حاضر ہوا تو درس کے بعد ذکر خاص پڑھتے ہوئے اور دعا مانگتے ہوئے میں نے ایک خاص انداز اختیار کیا (وہ انداز عرض کر رہا ہوں تا کہ دوسروں کو بھی نفع ملے کیونکہ میں بری طرح پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا لہٰذا میں نے دعا مانگتے وقت یہ تصور کیا) کہ میں اللہ پاک جل شانہ کے سامنے بیٹھا ہوں اور میں نے تصور ہی تصور میں حضرت جی دامت برکاتہم کو ان کے مرشد (حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمتہ اللہ علیہ) اور ان کے مرشد (حضرت خواجہ محمد اویس قرنی ثانی رحمتہ اللہ علیہ) کو اپنے سامنے بٹھا لیا اور اپنا دل ہاتھوں کے پیالے میں رکھ کر اللہ پاک سے دعا کی اے اللہ! تجھے ان پاک ہستیوں کا واسطہ ہے، میں ان کے سائے تلے بیٹھ کر عرض کر رہا ہوں کہ میرا دل جن مصائب و آلام میں گھر چکا ہے مجھے ان تمام مشکلات سے نجات دے دے اور سہولت و

www.freebooks4all.com

عافیت کے ساتھ نجات عطا فرما۔ الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے اسی دن سے میری مشکلات اور پریشانیاں ٹلنا شروع ہوگئیں جواب بالکل میری جان چھوڑ چکی ہیں۔

(محمد آصف اقبال صاحب)

## خواب میں نبی پاک ﷺ کی زیارت

تقریباً 3 سال پہلے ماہنامہ عبقری میں آیا تھا کہ جو شخص روزانہ 2 سومرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے گا اللہ پاک اس کے جنازے میں ایک لاکھ دس ہزار فرشتے بھیجیں گے۔ میں نے پچھلے رمضان میں یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ 14 اگست والے دن دوسرا روزہ تھا میں سورۃ اخلاص پڑھتا رہا اور ساتھ ہی علامہ اقبال رحمہ اللہ کی یہ رباعی۔

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر روز محشر عذر ہائے من پذیر

در حسابم را تو بینی ناگزیر از نگاہ مصطفیٰ ﷺ پنہاں بگیر

از نگاہ مصطفیٰ ﷺ پنہاں بگیر

بھی اس دن کثرت سے پڑھتا رہا اور اللہ سے دعا مانگتا رہا کہ یا اللہ! میرا حساب نہ لیجئے گا۔ عصر کے وقت یہ پڑھتے پڑھتے مجھے اونگھ آگئی اور میں نے خواب میں دیکھا کہ لوگ کہہ رہے تھے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جارہے ہیں۔ میں نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا لیکن چہرہ مبارک نہ دیکھ سکا۔ اسی دوران اچانک میرے فون کی گھنٹی بجی میں نے نمبر دیکھا تو نہ پہچان سکا۔ میں نے بھی اسی نمبر پر ایک بیل کر کے بند کردیا۔ دوبارہ کال آئی تو میرے شیخ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم العالیہ تھے۔ فرمانے لگے بھئی اللہ والے! آپ سے بات کرنے کو دل کر رہا تھا تقریباً 10 منٹ تک حضرت دامت برکاتہم کے ساتھ باتیں ہوتی رہیں۔ آخر میں مَیں نے عرض کیا کہ حضرت! میں نے اس طرح خواب دیکھا ہے۔ حضرت دامت برکاتہم نے کوئی جواب نہ دیا اور خاموشی اختیار فرمائی۔ بہرحال میرے دل میں جو

www.freebooks4all.com

بے چینی تھی میں اس کے حل کیلئے سرگرداں رہا۔ پھر میں نے اپنے استاد جی قاری ریاض صاحب کے پاس جا کر اسی خواب کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مبارک ہو، پھر کہا کہ شیطان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شبیہ میں نہیں آسکتا۔ پھر کہا کہ آپ چہرہ مبارک نہیں دیکھ سکے اس کیلئے نظروں کی حفاظت کریں۔ اس کے بعد پھر میں حضرت دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے کچھ نصیحت فرمائی۔ اس سال رمضان میں پھر میں نے روزانہ 2 سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنی شروع کر دی۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چار مینار ہیں اور میں اذان دے رہا ہوں۔ کچھ لوگ مجھے روکنے کی کوشش کر رہے ہیں اور کچھ لوگ انہیں دھکا دے رہے ہیں کہ اسے اذان دینے دو۔ یہ خواب میں نے حضرت دامت برکاتہم کی خدمت میں بھی عرض کیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ سورۃ اخلاص کی برکت سے اللہ نے مجھ پر کرم فرمایا ہے۔

(ت،ص۔۔۔۔۔۔۔)

## 3 سال مسلسل ناکامی کے بعد گریڈ 17 میں کامیابی

السلام علیکم!

میرا نام محمد زاہد ہے۔ دسمبر 2012ء میں حافظ آصف صاحب جن کا تعلق ملتان سے ہے انہوں نے مجھے تسبیح خانے سے متعارف کروایا پھر اکثر اوقات میں درس سننے کیلئے آتا رہتا ہوں۔ میں چار سال سے مقابلے کے امتحانات دے رہا تھا کبھی Written test میں فیل ہو جاتا تو کبھی Interview میں فیل ہو جاتا۔ مئی 2013ء میں میرے 17 اور 18 گریڈ کے دو انٹرویو تھے جن میں فیل ہو گیا۔ جس کے بعد گڑھی شاہو میں ایک سید صاحب کے پاس چلا گیا اور ان سے پوچھا کہ کیا ماجرا ہے کہ میں ہر مرتبہ کبھی تحریری طور پر تو کبھی انٹرویو میں فیل ہو جاتا ہوں؟ انہوں نے مجھ سے کہا کہ تمہاری قسمت میں دھکے لکھے ہیں۔ خوش قسمتی سے 22 جون 2013ء کو

www.freebooks4all.com

مجھے حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ میرے ساتھ تب بھی وہی صورتحال تھی جس کے متعلق میں نے حضرت حکیم صاحب سے عرض کی اور گڑھی شاہو والے سید صاحب کا بھی بتایا۔ حکیم صاحب نے مجھے صبح وشام کے اذکار بتائے جس میں سورۃ فاتحہ جمعرات کو 70 مرتبہ کم کرتے کرتے پڑھنی ہے اور اسی طرح صبح کے اذکار بھی بتائے۔ جس کی برکت سے پچھلے 3 سال سے میرا جو کام نہیں ہو رہا تھا الحمدللہ! ابھی پچھلے ہفتے گریڈ 17 ڈسٹرکٹ اٹارنی کی پوسٹ پر تعینات ہو گیا ہوں۔ یہ سب اللہ پاک کا کرم اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے بتائے ہوئے وظائف کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔

(محمد زاہد صاحب۔۔ لاہور)

## عمل چھوٹا فائدے بڑے

میں نے جب بھی اول وآخر درود شریف، ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھی اس کے بہت ہی فائدے پائے ہیں۔ حتیٰ کہ اگر گھر میں لڑائی بھی ہوگئی ہو تب بھی پڑھا اللہ کی رحمت دیکھی اور فائدہ پایا۔ ایک بار کہیں بہت ہی زیادہ جھگڑا ہو رہا تھا اور وہ لوگ ایک دوسرے کی جان لینے پر تلے ہوئے تھے میں نے وہیں کھڑے کھڑے ان تمام افراد کو سورۃ فاتحہ والا عمل پڑھ کر ہدیہ کیا جس کی برکت سے وہ لوگ ایک دوسرے کو چھوڑ کر فوراً ادھر اُدھر چلے گئے۔ جزاک اللہ!

(خرم شمسی صاحب۔ لاہور)

## لڑائی جھگڑا ختم ہوگیا

پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میرے ساتھ والی دکان پر اچانک جھگڑا ہوگیا جب میں باہر نکلا تو اچھا خاصا ہنگامہ برپا تھا سڑک بھی بلاک تھی۔ معلوم ہوا کہ میرے دکان والے ہمسائے نے سامنے گھر والوں کا قرض دینا تھا جو بدمعاش قسم کے لوگ تھے اور انہوں نے آکر دکان پر قبضہ کرلیا تھا اور دکان کا شٹر بھی توڑ دیا تھا۔ وہ دونوں آپس میں

www.freebooks4all.com

لڑ جھگڑ رہے تھے اور لوگ انہیں چھڑوا رہے تھے۔ میرے دل میں خیال آیا کہ کچھ پڑھوں تاکہ یہ شیطانی کام (لڑائی جھگڑا) ختم ہو جائے۔ میں نے قریب کھڑے ہو کر سورۃ فاتحہ پڑھنی شروع کر دی اور جو آدمی اس پارٹی میں سب سے زیادہ شریر اور بدمعاش تھا اس پر توجہ رکھی کہ اگر یہ رک گیا تو سب لوگ رک جائیں گے۔ میں سورۃ فاتحہ پڑھتا اور اس جنونی شخص پر دم کر دیتا۔ اللہ پاک نے غیب سے مدد فرمائی اور 10 منٹ میں ہی سب خاموش ہو گئے اور معاملہ رفع دفع ہو گیا۔ ان کا آپس میں ہی فیصلہ ہو گیا اور اسے قبضہ واپس مل گیا۔ آج وہ اپنی دکان کی مرمت کروا رہا تھا۔ سورۃ فاتحہ کی برکت سے اللہ پاک نے اتنا بڑا ہنگامہ ختم کر دیا۔

(آصف اقبال صاحب)

## جس سے کام لینا ہو وہ مدہوش ہو جاتا ہے

میں نے جب بھی کسی سے کوئی کام لینا ہو تو میں اول آخر درود ابراہیمی ایک بار سورۃ فاتحہ 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اس پر پھونک مار دیتا ہوں اور وہ شخص جیسے مدہوش ہی ہو جاتا ہے اور میرا کام آسانی سے ہو جاتا ہے۔

(ج،ا۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

## والد صاحب کو بقایا جات مل گئے

میرے والد صاحب ریٹائرڈ پنشنر ہیں۔ کافی عرصے سے ان کے کچھ بقایا جات رہتے تھے جو مل نہیں رہے تھے۔ جب بھی لینے جاتے تو آگے سے یہ کہا جاتا کہ جی اتنے عرصے بعد آئیں، فلاں تاریخ کو آجایئے گا۔ ایسا معاملہ چل رہا تھا۔ میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی ایک کتاب ''مشکلات کے پہاڑ'' پڑھی اس میں ایک بہت طاقتور عمل ہے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھنی ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی آخری میم کو الحمدللہ رب العالمین کی پہلی ''ل'' کے ساتھ ملا کر پڑھنا ہے یعنی مل حمد للہ۔ یہ عمل میں نے فجر کے وقت کیا اور والد صاحب

www.freebooks4all.com

کو کہا کہ آئیں آپ کے بقایا جات لے کر آتے ہیں۔ میرا معمول ہے کہ گھر سے نکلتے وقت مسنون دعا اور آخری پانچ سورتیں اور چھ بسم اللہ والا عمل کرتا ہوں۔ میں نے یہ عمل کر کے والد صاحب کو ساتھ لیا اور ہم چل پڑے۔ راستے میں مَیں بھی سورۃ فاتحہ والا عمل مسلسل پڑھتا رہا۔ جب وہاں پہنچے تو بہت زیادہ رش تھا۔ کوئی بندہ بھی کسی کی بات نہیں سن رہا تھا۔ میں نے سورۃ فاتحہ وسورۃ اخلاص والا عمل پڑھ کر ایک بندے سے بات کی انہوں نے کہا کہ یہ کیس فلاں صاحب کے پاس ہے۔ خیر ان کے پاس بھی بہت رش تھا کافی دیر بعد باری آئی تو وہ کہنے لگے کہ ابھی انتظار کریں وقت نہیں ہے۔ میں تھوڑا پیچھے ہٹ گیا اور مسلسل عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ اس بندے نے میرے ہاتھ سے وہ پرچی لی جس پر نمبر لکھا ہوا تھا پھر واپس مجھے پکڑا دی۔ کچھ دیر بعد وہ کہنے لگا یار کیوں اتنا تنگ کر رہے ہو لاؤ وہ پرچی مجھے دو۔ جبکہ میں نے اسے کچھ نہیں کہا تھا میں تو مسلسل وظیفہ پڑھ رہا تھا۔ اس افسر نے اسی وقت تمام بقایا جات کیش کی صورت میں مجھے ادا کر دیئے اور ہم نے اللہ کا شکر ادا کیا اور واپس آ گئے۔

(محمد ریاض صاحب۔ لاہور)

## سورۃ فاتحہ کی برکت سے دانت کا درد ختم

آج میں پہلی بار تسبیح خانے میں آیا ہوں۔ میں نے پچھلے سال مئی 2012ء میں حضرت صاحب دامت برکاتہم کے بیانات سننے شروع کئے تھے۔ الحمدللہ! ان کے بتائے ہوئے اعمال سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ ایک دن میرے دانت میں بہت زیادہ درد ہو رہا تھا میں نے اس دانت پر ہاتھ رکھ کر 21 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جس کی برکت سے الحمدللہ! درد ختم ہو گیا۔ ابھی بھی وہ دانت ہل رہا ہے لیکن اس میں درد نہیں ہے۔ اسی طرح ایک بار میری اہلیہ کی ڈاڑھ میں درد تھا ڈاکٹروں نے کہا کہ اس دانت کا روٹ کینال ٹریٹمنٹ کرنا پڑے گا اور اس کی فیس 22 سو ڈالر ہو گی۔ میں نے اس کی ڈاڑھ پر بھی ہاتھ رکھ کر 21 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جس کی برکت سے اللہ کے فضل وکرم

www.freebooks4all.com

سے اس کے دانت کا درد بھی ختم ہو گیا اور ابھی تک وہ ڈاڑھ صحیح سلامت ہے۔

(عبدالرؤف صاحب۔کینیڈا)

## عمل کی برکت سے 5لاکھ لئے بغیر ہی مکان کی تعمیر مکمل

ایک صاحب کہنے لگے کہ میں اپنا نیا مکان تعمیر کروا رہا ہوں اور ان دنوں ایک کرائے کے مکان میں رہائش پذیر ہوں۔اس دوران میرے پاس پیسے بالکل ختم ہو گئے تھے۔ میں نے ایک دوست کو فون کیا اور کہا کہ اس طرح مجھے پیسوں کی ضرورت ہے۔اس نے کہا یار کل میں لاہور آرہا ہوں اور آپ کو 5 لاکھ روپے دے دیتا ہوں کمی بیشی بعد میں دیکھی جائے گی۔ میں نے دل میں سوچا کہ میں نے ایک انسان کو صرف ایک بار کہا ہے وہ مجھے 5 لاکھ دینے پر راضی ہو گیا ہے تو کیوں نہ میں اللہ پاک سے کہوں جو دے کر واپس بھی نہیں لیتا۔میں نے اللہ پاک سے دعا مانگی۔اسی دن عبقری والوں کی طرف میسج موصول ہوا کہ ہر قسم کے مسائل کا حل پانے کیلئے روزانہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان 41 بار سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی آخری ''م'' الحمدللہ رب العالمین کی پہلی ''ل'' سے ملا کر یعنی مل حمد پڑھیں۔ میں نے یہ عمل شروع کیا ہی تھا کہ اللہ پاک کی غیبی مدد وہاں سے آئی جہاں سے گمان بھی نہیں تھا۔ میں ٹھیکیدار سے کہتا تھا کہ یار میں اب مزید کرایہ برداشت نہیں کرسکتا (اس نئے مکان کے دروازے بھی نہیں لگے) مجھے بس کسی نہ کسی طریقے سے اس مکان میں داخل کرو۔اللہ پاک نے ایسا نظام بنایا کہ اب ماربل بھی لگ گیا ہے اور دروازے بھی لگ گئے ہیں۔

(حسن صاحب۔۔۔۔۔۔۔)

## نارمل ڈلیوری اور بیٹے کی پیدائش

میری بیٹی کو ڈاکٹروں نے ڈلیوری کیلئے بڑے آپریشن کا بتایا کیونکہ وہ اس دوران بہت بیمار تھی۔سب یہ سن کر بہت پریشان ہو گئے۔میں نے ہسپتال میں بیٹھے بیٹھے الحمد

www.freebooks4all.com

شریف اور آیت الکرسی پڑھنا شروع کر دی۔ ابھی 7 مرتبہ ہی پڑھی تھی کہ الحمد للہ! خبر ملی کہ نارمل ڈلیوری ہوئی اور اللہ پاک نے بیٹا عطا کیا ہے۔

(عبد الرحمٰن صاحب۔ لاہور)

## معالج کراچی اور مریض بچہ لاہور

پچھلے ہفتے میں کراچی میں تھا تو میرے چھوٹے بھائی نے یہاں لاہور سے فون کیا کہ میرے چھوٹے بیٹے کو بہت سخت بخار ہو رہا ہے میں ڈیوٹی کر رہا ہوں گرین ٹاؤن اور بچہ ڈیفنس میں ہے اور اسے جھٹکے لگ رہے ہیں۔ میں نے کہا آپ فوراً سورۃ فاتحہ پڑھتے ہوئے گھر جائیں اور میں بھی یہاں سے دم کرتا ہوں ان شاء اللہ آپ کے گھر پہنچنے تک بچے کا بخار ختم ہو جائے گا۔ اس کے بعد میری بھابھی نے فون کیا کہ بچے کو جھٹکے لگ رہے ہیں اور بخار بھی بہت تیز ہے۔ میں نے کہا میں باوضو بیٹھا ہوں میرے مرشد نے مجھے وظیفہ بتایا ہوا ہے وہ پڑھ رہا ہوں ان شاء اللہ دم کر رہا ہوں بچہ تھوڑی دیر میں بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ میں نے 11 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ یَا وَارِثُ یَا نَصِیْرُ پڑھ کر وہیں پر بیٹھے بیٹھے بچے کو دم کیا اور ساتھ دعا کی یا اللہ! اس بچے کو ٹھیک اور بخار سے نجات عطا فرما دے۔ ابھی میرے بھائی گھر پہنچے ہی تھے کہ وہ بچہ بہت آرام سے سویا ہوا تھا۔

(ڈاکٹر محمد یحییٰ صاحب۔ کراچی)

## مریضہ کو پاؤں کے کینسر سے نجات

2 سال پہلے میرے دواخانے پر ایک خاتون آئی تھی جس کے پاؤں پر بہت عجیب سا زخم تھا اور کینسر کی شکل اختیار کر چکا تھا۔ وہ پہلے اس زخم کا بہت علاج کروا چکی تھی لیکن افاقہ نہیں ہو رہا تھا۔ میں نے اسے سورۃ فاتحہ کا وظیفہ بتایا کہ روزانہ فجر کی سنتوں کے بعد 41 بار سورۃ فاتحہ مع اول و آخر 7 بار درود شریف اور فجر کے فرضوں کے بعد 70 بار سورۃ فاتحہ مع اول و آخر 7 بار درود شریف اور اسی طرح رات عشاء کی نماز کے بعد بھی 70 بار سورۃ فاتحہ

www.freebooks4all.com

اس طریقے سے پڑھیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ''م'' کو الحمد للہ کی ''ل'' کے ساتھ ملانا ہے یعنی ''مل حمد للہ''۔ وہ خاتون یہ عمل مسلسل 3 ہفتے کرتی رہی اور اسی دوران ہی اللہ پاک نے اسے شفاء دے دی۔ اس دن کے بعد سے وہ مسلسل سورۃ فاتحہ پڑھ رہی ہے۔

## 2 دنوں میں خاتون کا پیچیدہ مسئلہ حل

ایک خاتون کسی مسئلے کیلئے میرے دواخانے پر آئی اور کہنے لگی کہ میرے مسئلے کے حل کیلئے کوئی وظیفہ بتائیں؟ میں نے نیٹ پر حضرت جی دامت برکاتہم کا سکھر والا بیان سنا تھا جس میں سورۃ فاتحہ کو ایام بیض کی راتوں میں پڑھنے کا عمل بتایا گیا تھا۔ میں نے وہی عمل اسے دے کر کہا کہ اگر ہمت کر کے یہ عمل کرلو تو تمہارا مسئلہ حل ہوسکتا ہے اور اسے عمل کی پوری ترکیب سمجھا دی کہ قمری مہینے کی 13،14 اور 15 تاریخ کی راتوں کو مسلسل سورۃ فاتحہ چلتے پھرتے پڑھنی ہے اور صبح کا روزہ رکھنا ہے۔ کچھ دنوں بعد وہ میرے پاس آکر بتانے لگی کہ میں نے وہ عمل صرف ایک ہی رات کیا تھا اور صبح جب روزہ رکھ کر فجر کے بعد سوئی تو آپ میرے خواب میں آئے اور کہا کہ تمہارا کام ہوجائے گا مزید نہ پڑھنا اس لئے میں نے بعد میں نہیں پڑھا۔ میں نے اسے کہا کہ اصل میں وہ شیطان تھا جس نے تمہیں روک دیا۔ کہنے لگی کہ میرا مسئلہ تو حل ہوگیا ہے نا! میں نے کہا تمہارا مسئلہ حل ہوگیا ہے لیکن اگر تم مکمل 3 دن یہ عمل کرتی تو نہ جانے اللہ پاک تمہیں کیا کیا عطا فرماتا۔

(محمد آصف اقبال صاحب۔ منڈی بہاؤالدین)

## افسر سے نااتفاقی کے باوجود اس نے کچھ نہ کہا

میری محکمے کے سربراہ سے کبھی بنتی نہیں تھی۔ اسی وجہ سے اس نے میری جگہ کسی اور شخص کو اعلیٰ عہدے پر سلیکٹ کرلیا اور باقی سب کو مختلف جگہوں پر ٹرانسفر کردیا۔ اس دوران میں نے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا عمل کر کے اس افسر کو ہدیہ کردیا۔ اس کی برکت سے اس نے میری کہیں بھی ٹرانسفر نہیں کی اور نہ ہی آج تک مجھے کچھ کہا ہے۔

(طارق محمود صاحب۔۔۔)

www.freebooks4all.com

## 150 رشتے دیکھنے کے بعد ہمشیرہ کا رشتہ طے

السلام علیکم!

میرا نام محمد امجد ہے اور فیصل آباد سے آیا ہوں۔ حضرت جی نے ہمیں دو اعمال دیئے تھے۔ پہلا عمل سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص والا دیا تھا اور دوسرا سورۃ فاتحہ کا عمل جمعرات کو 70 مرتبہ اور جمعے کو 60 مرتبہ پڑھ کر روزانہ ایک کم کرنا ہے۔ حضرت جی! اس کا ہمیں بہت ہی فائدہ ہوا ہے۔ جس میں ایک بہت بڑا فائدہ یہ بھی ہوا ہے کہ پہلے ہم نے تقریباً اپنی ہمشیرہ کیلئے ڈیڑھ سو کے قریب رشتے دیکھے تھے۔ اگر کوئی بھی رشتہ دیکھنے کیلئے آتا تو خاموشی سے واپس چلا جاتا اور کوئی جواب تک نہ دیتا۔ ہم نے اس نیت سے یہ عمل کرنا شروع کیا۔ اللہ پاک نے اس کی برکت سے ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ ہماری ہمشیرہ کیلئے بہت ہی اچھا رشتہ آیا جس پر دونوں خاندانوں نے ہاں کردی ہے اور کچھ ہی دنوں بعد شادی ہے۔ یہ سب اللہ پاک کا کرم اور آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور تسبیح خانے کو ہر شر سے محفوظ رکھے۔ آمین!

(محمد امجد صاحب۔ فیصل آباد)

## اعمال سے خونی بلغم کا کامیاب علاج

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مجھے تین چار دنوں سے خونی بلغم آرہی تھی اس کے ساتھ دل کی دھڑکن 120 تک چلی گئی تھی۔ میں نے آپ دامت برکاتہم کی ایک کتاب "جنت کا پاسپورٹ" میں صفحہ 74 پر لکھا ہوا کہ 3 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں تو اس کا ثواب دو قرآن پاک کے برابر ملتا ہے۔ میں نے وہ عمل شروع کیا اور ساتھ میں جنت کے پاسپورٹ صفحہ نمبر 103 سے لے کر 114 تک دعائے گنج العرش تھی۔ میں نے ان دونوں کو نماز کے فرضوں کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھنا شروع کیا۔ الحمدللہ! اب میری خونی بلغم کافی حد تک کم ہوگئی ہے اور

www.freebooks4all.com

ہارٹ بیٹ بھی نارمل ہوگئی۔ اللہ پاک نے اپنے ساتھ تعلق جوڑنے کی وجہ سے سارے مصائب دور کردیئے ہیں اللہ تعالیٰ تمام مومنین کی پریشانیاں دور فرمائے۔ آمین!

(ا،ن۔۔۔۔۔۔۔۔۔)

## چھ ماہ سے رکا اقاموں کا مسئلہ دو دنوں میں حل

ہمارے اقاموں کی تجدید (Re New) نہیں ہورہی تھی۔ اس کیلئے ہم نے بہت سر توڑ کوششیں اور کسی کا ریفرنس بھی دلایا مگر مسئلہ حل نہیں ہورہا تھا۔ پھر ہم نے حضرت صاحب کا عنایت کردہ سورۃ فاتحہ والا عمل ''اول و آخر درود شریف 1 بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص مع بسم اللہ'' کے دن میں 41 بار پڑھنا شروع کیا۔ ابھی کچھ دن ہی پڑھا تھا کہ ہمارے اقاموں کا مسئلہ حل ہوگیا اور ہمیں پاسپورٹ، کاغذات وغیرہ مل گئے۔ حالانکہ ہم سے پہلے بہت زیادہ لوگوں کے 6,6 ماہ سے اقامے رکے ہوئے تھے اور وہ دگنے پیسے بھی دے رہے تھے جس کے باوجود ان کا کام نہیں ہورہا تھا۔ سورۃ فاتحہ کے عمل سے ہمیں اور بھی بہت سے فائدے مل رہے ہیں۔ اللہ پاک حضرت جی دامت برکاتہم کو جزائے خیر عطا فرمائے اور تسبیح خانے کو اسی طرح شاد و باد رکھے۔ آمین!

(حاجی منان صاحب۔۔۔)

## فوت شدگان کا حق مانگنا

ہمارے ایک معتبر ساتھی سورۃ فاتحہ والا عمل کر کے امت محمدیہ ﷺ اور اپنے فوت شدگان عزیز و اقارب کو ہدیہ کردیتے ہیں۔ جس کی برکت سے وہ کہتے ہیں کہ اب میں بآسانی عشاء کی نماز بھی پڑھ لیتا ہوں۔ اس سے پہلے وہ پانچ نمازیں نہیں پڑھ سکتے ہیں انہیں کوئی روحانی تکلیف تھی۔ ایک بار وہ بتانے لگے کہ جب بھی میں سورۃ والا عمل اول و آخر درود شریف 1 بار سورۃ فاتحہ اور 3 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے فوت شدگان عزیز و اقارب کو ہدیہ کرتا ہوں تو ان میں سے کچھ فوت شدگان خواب میں آکر مجھ سے اپنا حق مانگتے ہیں کہ ہمیں ہمارا حصہ دو اور اس کے کچھ ہی دیر بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ میں

www.freebooks4all.com

اگلے ہی دن اعمال کر کے ان سب کو ہدیہ کرتا رہتا ہوں جس کی برکت سے مجھے الحمدللہ! بہت روحانی وجسمانی فائدے حاصل ہو رہے ہیں اور میں بہت پرسکون ہو گیا ہوں۔

(۔۔۔منڈی بہاؤالدین)

## 10سال بعد اللہ نے بیٹے سے نوازا

السلام علیکم!

تقریباً ایک سال پہلے مجھے موبائل پر عبقری کی طرف سے سورۃ اخلاص والے عمل کا میسج موصول ہوا تھا کہ چاند کی ہر پہلی جمعرات سے 10 دن تک روزانہ ایک ہزار بار سورۃ فاتحہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنی ہے۔ میں نے یہ عمل بیٹے کی نیت سے تقریباً 3 ماہ تک کیا ہے۔ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے اسکی برکت سے مجھے 10 سال بعد بیٹے جیسی نعمت سے نوازا ہے۔ پہلے میری 13 اور 10 سال کی دو بیٹیاں ہیں۔ یہ صرف اور صرف اللہ پاک نے سورۃ اخلاص کی برکت سے ہم پر کرم کیا ہے۔

(عاطف صاحب۔۔۔)

## روزہ نہ لگنے کا مجرب عمل

گرمیوں میں اکثر روزہ لگتا ہے اس کیلئے روزانہ صبح سحری کھا کر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر پھیرتے ہوئے پورے جسم پر دم کر لیا جائے تو اس سے روزہ نہیں لگتا۔ میں نے یہ عمل اپنے تمام گھر کے افراد کو کروایا ہے جس کی برکت سے الحمدللہ! ان کا روزے میں سارا دن بہت پرسکون گزرتا ہے۔

(نعمان صاحب۔۔۔)

## سورۃ فاتحہ کے عمل سے پانی کی قلت ختم

السلام علیکم!

ہم لوگ جدہ (سعودی عرب) کے جس علاقے میں رہتے ہیں وہاں پر پانی کا اکثر مسئلہ رہتا ہے جس کیلئے ہماری ساتھ والی بلڈنگ والوں نے دو موٹریں لگائی ہیں تاکہ

www.freebooks4all.com

پانی کھینچ کر ٹینکی بھر لی جائے۔ ہماری بلڈنگ کا مالک بہت نیک انسان ہے وہ کہتا ہے کہ ہم ایسا نہیں کریں گے اور قانونی طور پر صرف ایک موٹر ہی لگانی ہے اس سے جتنا بھی پانی آتا ہے اس پر گزارا کریں گے۔ میرے والد صاحب کو آپ دامت برکاتہم کی طرف سے سورۃ فاتحہ والا وظیفہ (اول وآخر درود شریف کے ساتھ ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنی ہے) ملا ہوا ہے۔ میرے والد صاحب روزانہ صبح فجر کی نماز پڑھ کر پانی والی ٹینکی اور موٹر پر دم کر دیتے ہیں جس کی برکت سے الحمدللہ! اب ہماری بلڈنگ میں کبھی بھی پانی ختم نہیں ہوتا۔ بلڈنگ کا مالک ایک بار کہنے لگا کہ یہ کیا معاملہ ہے کہ پہلے تو ہماری ٹینکی بھرتی نہیں تھی اور پورے علاقے کی ٹینکیاں بھری رہتی تھیں لیکن اب ہماری پانی کی ٹینکی ہر وقت بھری رہتی ہے اور سب کی خالی رہتی ہیں۔ والد صاحب نے انہیں بتایا کہ یہ ہمارے حضرت صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے عنایت کردہ وظیفہ کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔

(ع، ن۔ جدہ سعودی عرب)

## ہر قسم کے درد سے شفاء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرا نام محمد ظہیر احمد ہے۔ حضرت صاحب نے سورۃ فاتحہ کے فوائد بتائے تھے۔ میں اس وقت سے اول وآخر درود شریف کے سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے جسم کے کسی بھی درد والے حصے پر پھونک مارتا ہوں تو مجھے اسی وقت آرام آجاتا ہے۔ اس عمل کا دم میں نے بہت سے لوگوں پر کیا ہے جس سے اللہ پاک انہیں شفاء دے دیتا ہے۔

(ظہیر احمد صاحب۔ لاہور)

OOOOOO

www.freebooks4all.com

# عمل کی ترتیب

اول و آخر تین مرتبہ درود شریف ایک بار سورۃ فاتحہ مع تسمیہ، تین مرتبہ سورۃ اخلاص مع تسمیہ (یہ پورا ایک عمل ہوا) اس طرح روزانہ 41 مرتبہ کریں۔ یہ ایک نصاب شمار ہوگا۔ اس طرح روزانہ کئی نصاب کر سکتے ہیں۔ 41 یا 91 دن بلاناغہ کریں۔ ہر قسم کی بیماری، پریشانی اور مشکل میں کر سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ خواتین ایام کے دنوں میں نہ کریں بلکہ بعد میں عمل کی تعداد پوری کریں۔ باذوق حضرات زندگی کا معمول بنا لیں تو خیر و برکت کے ٹھنڈے بادل آپ پر ہر وقت چھائے رہیں گے۔

☆...... تسمیہ " بسم اللہ الرحمن الرحیم " کو کہتے ہیں۔

☆......☆......☆

www.freebooks4all.com